Mr. Abdul Majid Kazi: Sir, I would only want an assurance that why they cannot avail the studies of this project, feasibility in terms of imports of substitution and it is signal to those projects which are feasible like this, Sir.

Mr. Chairman: I think, the honourable Minister mentioned that they are already looking into it and they have already submitted a paper on this to the Prime Minister and they would be looking into it further. But you cannot raise issues of this type by way of adjournment motions. I think, the motion is ruled out of order and please take your seat.

(Interruption)

Mr. Chairman: Opportunity in the proper manner but not by way of adjournment motion discussing the whole gamut of policies relating to the development of gas in this country. There could be a resolution on this subject separately and if you are lucky we could devote a whole day to the discussion of this but you cannot go on in this way. . . .(Interruption)

He was unlucky actually if it did not come out in the ballot; so, please take your seat. (Interruption).

Mr. Abdul Majid Kazi: Something has to be done, Sir, we have a very poor country. We cannot afford foreign exchange, I mean, we must feasibility . . . . (Interruption).

Mr. Chairman: I am sure, the Government is more aware of the polity of this country than we individually are. I think, half an hour devoted to adjournment motion is now over, and I am afraid we are cutting in the right of the private members to discuss their own affairs.

Yes Jenab Magsi Sahib! Are you moving your adjournment motion? There are several other motions before us and half an hour which is devoted to adjournment motion is already over. Does it relates to Irrigation water?

Mir Yousaf Ali Khan Magsi: To drinking water and not Irrigation water.

Mr. Chairman: Drinking water is the responsibility of the Provincial Governments and you cannot raise any issue of that type ...in by way of adjournment motion. You can bring your point on ...me other pretext.

Mir Yousaf Ali Khan Magsi: I can discuss, anything in this country. I request, Sir.

Mr. Chairman: I do not think actually that is possible.

میر یوسف علی خان مگسی : جناب والا ! تڑپنے کی اجازت ہے نہ فریاد کی ، گھٹ کے مرجائیں یہ مرضی میرے صیاد کی

مولانا سمیع الحق : جناب والا ! آپ کو یاد ہو گا کہ کچھ اہم ترین تحریکیں قومی مسائل پر تھیں آپ نے فرمایا تھا کہ آخری دن اس کے لیے کچھ وقت بڑھا دیں گے ۔ لوڈ شیڈنگ اور کالا باغ ڈیم اور سود یہ کئی مسائل تھے ۔

جناب چیئرمین : آپ کے ریزولیوشن ہیں جو آپ کو اجازت دیتے ہیں ۔

مولانا سمیع الحق : میں یہ چاہتا تھا کہ آخری دن میں کوئی ایک تحریک التوا منظور ہو جاتی ۔

جناب چیئرمین : تحریک التوا کے لیے جو وقت مقرر ہوتا ہے اس میں آپ نے کوئٹہ کی صورت حال پر ڈیڑھ یا دو گھنٹے بحث میں حصہ لیا ۔

مولانا سمیع الحق : سب میں عوامی مقامات پر گیا تو لوگ ہمارے مرحوم چیئرمین خواجہ صفدر کو دعائیں دینے لگے وہ کہتے تھے کہ وہ کبھی کبھی کوئی ایک منظور کر لیتے تھے ۔

جناب چیئرمین : اچھا ہے اگر کسی کی مغفرت آپ کی دعاؤں سے ہو جاتی ہے میرے مرحوم خواجہ صاحب ہمیں یاد آ رہے ہیں ۔

I think, we take up the next item on the Order of Day.

جی جناب بلیجو صاحب !

جناب حمزہ خان بلیجو : جناب ! میں نے بھی کچھ تحاریک التوا پیش کی تھیں ب

جناب چیئرمین : وہ سب ریکارڈ پر ہیں ۔ اب کیا کریں ۔ آدھا گھنٹہ مخصوص ہے ۔

جناب حمزہ خان بلیجو : جناب ! لوگوں کو تو بہت ہی موقع دیا گیا ایک موقع ہمیں بھی دیا جائے ۔

جناب چیئرمین: یہ اسی آرڈر میں ہم نے لیے ہیں جس آرڈر پہ یہاں درج ہیں

Bill to be introduced by Qazi Abdul Latif Sahib and Maulana Sami-ul-Haq Sahib, I think, they can ask for the leave of the House.

A BILL TO ENFORCE SHARIAH IN THE COUNTRY

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں شریعت کے نفاذ کے لیے ایک بل پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔ براہ مہربانی قانون نفاذ شریعت کا بل پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Chairman: Is it opposed? The question before the House is:

> "That leave be granted to Qazi Abdul Latif Sahib and Maulana Sami-ul Haq Sahib to move the Bill called :– leave to introduce a Bill to enforce Shariah in the country."

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Point of Order, Sir.

Mr. Chairman: Yes.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, I beg to submit that Qazi Sahib may be asked first and then from me, for which reason I oppose him.

جناب اقبال احمد خان: جناب! پہلے اس کے متعلق میں نے ابھی بحث کی ہے مودورلر سے، ہماری بات مکمل نہیں ہو سکی کہ پہلے یہ موشن آ گئی۔ میری یہ گزارش ہے کہ محترم قاضی صاحب کو سن لیا جائے اور پھر مجھے سن لیا جائے کہ کس وجہ سے میں ان کی مخالفت کرتا ہوں۔ پھر آپ ہاؤس کی رائے لیں۔ اس طریقے سے وہ بات اراکین مجلس پر واضح نہیں ہو سکے گی کہ میں کن وجوہ پر مخالفت کرنا چاہتا ہوں اور شاید قاضی صاحب اور ان کے دوسرے ساتھی محرکین بھی جن وجوہ پر پیش کرنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: قاضی صاحب نے چونکہ کوئی اظہار خیال نہیں فرمایا، میرا خیال تھا کہ وہ شاید کچھ نہیں کہنا چاہتے جناب قاضی صاحب آپ اپنے بل کے بارے میں اظہار خیال فرمائیں۔

قاضی عبداللطیف: جناب ۳۱ سال سے دستور کے اندر ہمیں یہ ضمانت دی گئی ہے کہ حاکمیت اللہ تعالیٰ کی ہوگی اور قرآن اور سنت کے مطابق یہاں مسلمانوں کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی ڈھالنے کا موقع دیا جائے گا اور ایسا ماحول پیدا کیا جائے گا کہ جس سے پاکستان کو اس تشخص سے پہچانا جائے کہ یہ اسلامی ملک ہے اور یہاں اسلامی قوانین نافذ ہیں۔ ۳۱ سال کے اندر تقریباً سات مرتبہ دستور بنا ہے جن میں سے پہلے تین سال کے تین دستوروں کو تو نافذ ہونے سے پہلے ہی ختم کر دیا گیا۔ اس کے بعد جو چار ہیں ان کو تھوڑا تھوڑا وقفہ دیا گیا اور مہلت دی گئی لیکن اس کے بعد ان کو بھی ختم کر دیا گیا۔ آج تک ہم یہ محسوس نہیں کر سکے کہ اس دستور کے ماتحت ہماری قانون سازی کے لئے اصول اور قانون سازی کے لئے حدود کیا ہیں۔ میں اس بل کے ذریعے سے جناب وزیر قانون اور اس ہاؤس کو اس طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ جو قانون سازی ہو رہی ہے وہ اس طریقے سے ہو رہی ہے اور وہ لوگ کر رہے ہیں جو اسلام کی ابجد سے بھی واقف نہیں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ۳۱ سال تک ہم ملک کے اندر شریعت کا قانون نافذ کرنے میں ناکام رہے ہیں ہم نے ہمیشہ کیلئے یہ تو کہا ہے کہ قرآن اور سنت کے مطابق قانون بنایا جائے گا، لیکن آج تک نہ تو ہماری عدالت کا نظام اور نہ معیشت کا نظام اور نہ انتظامیہ کا نظام قرآن اور سنت کے مطابق بن سکا اسکی وجہ یہی ہے کہ ہمارے لئے ایک لائن متعین نہیں ہے۔

میں یہ گذارش کروں گا کہ قانون شریعت کو بھی کم از کم ویسا استحقاق اور مقام دیا جائے، جو موجودہ قانون کو حاصل ہے مثلاً اگر کوئی جج صاحب تعزیرات پاکستان کے تحت فیصلہ کرتے ہیں تو ۲۰۰ سال پہلے کے ججوں کا بھی اس کے اندر وہ حوالہ

[Qazi Abdul Latif]

دیتے ہیں۔ اسی طریقے سے کوئی سپیکر یا کوئی چیئرمین اگر کسی مسئلے پر کوئی رولنگ دیتا ہے تو وہ سہارا لیتا ہے سابقہ سپیکروں اور سابقہ چیئرمینوں کے فیصلوں کا اور ان کا حوالہ دے کر کے وہ کہتے ہیں کہ فلاں سپیکر نے فلاں سال کے اندر اس سلسلے میں یہ فیصلہ دیا تھا۔ لہذا اسی کی بنیاد پر میں بھی آج یہ فیصلہ دے رہا ہوں۔ لیکن میں حیران ہوں کہ قانون موجودہ کے ساتھ تو یہ حال ہے لہذا یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے لیکن قانون شریعت کے متعلق ایسا نہیں ہم یہ کہتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ، امام محمد، امام ابویوسف اور اسی طریقے سے دوسرے آئمہ کرام کا حوالہ دیا جائے جنہوں نے ایک بہت بڑا علمی ذخیرہ ہمارے سامنے چھوڑا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ہمارے بعض جج حضرات یہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس قانون تعزیرات کا ایک بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے اسکلئے ہم اسے نظرانداز نہیں کرتے بحیثیت مسلمان اور بحیثیت حنفی مسلک کے میں یہ کہونگا کہ جہاں پہ آبادی ۹۵ ٪ حنفی ہے۔ ہماری نماز حنفی ہے، ہمارا روزہ حنفی ہے ہمارا حج حنفی ہے ہماری زکوٰۃ حنفی ہے، ہمارے نکاح اور طلاق کے معاملات حنفی ہیں، لیکن کیا بات ہے کہ ہم معیشت کے اندر اور عدلیہ کے اندر انتظامیہ کے اندر ان قوانین کو لانے میں ناکام رہتے ہیں اور جب وہاں پر یہ نام لیا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ بہت سے مذاہب اس کے اندر آجائیں گے، ان کو آج تک انگریز نے تو معطل کیا تھا لیکن انگریز کے چلے جانے کے بعد جب پاکستان بن گیا ہے تو پھر یہ کیوں معطل ہے؟ اور ہم یہ کہتے ہیں کہ قرآن اور سنت کے مطابق ہمیں قانون سازی کرنی ہے اور ان لوگوں نے ایک بہت بڑا ذخیرہ ہمارے سامنے جمع کر دیا ہے جو اجتماع اور قیاس اس کے اندر ہماری رہنمائی کرتا ہے اور لاکھوں کتابیں ہمارے سامنے بنی بنائی موجود ہیں۔ تو پھر کیا وجہ ہے ہم قانون سازی کرتے ہیں تو اس کے اندر پھر غلطیاں کرتے ہیں اور پھر وہ یہاں دوبارہ ترمیم کے لئے آتا ہے۔ جس کے لئے میں مثال پیش کروں گا کہ مثلاً مضاربت کا قانون جب پیش کیا گیا اور اس کے اندر خامیاں بتلائی گئیں اور یہ کہا گیا کہ یہ قانون شریعت کے لحاظ سے اسلام کی ترجمانی نہیں کرتا اس لئے کہ سرمایہ داروں کو تحفظ دیا گیا ہے اور اس کے اندر مزدور کی محنت کا کوئی تحفظ نہیں ہے جو کہ

اسلام کا روح اور اسلام کے فلسفہ اور اسلام کے اجتہاد کے خلاف ہے تو کہا گیا ہے کہ اس کے بعد اس کی تصحیح کرائی جائے گی اور کمیٹی مقرر کی جائے گی۔

میں گذارش کروں گا کہ یہ جو قانون سازی ہم کر رہے ہیں اس کے لئے بھی یہ ہونا چاہیے کہ ہم اس کے لئے ایک لائن متعین کریں اگر ایران کے اندر ایک فقہ اس حکومت کا قانون بن سکتا ہے، اگر سعودی عرب کے اندر ایک فقہ اس ملک کا قانون بن سکتا ہے اور پبلک لا اسی کے اندر ہو سکتا ہے، اگر اردن کے اندر ایک قانون بن سکتا ہے۔ دوسرے اسلامی ممالک کے اندر ایک قانون بن سکتا ہے تو کیا وجہ ہے کہ جہاں ۹۵ فیصد آبادی ایک مذہب اور مسلک کے ساتھ تعلق رکھتی ہے ان کی حق تلفی کی جاتی ہے۔ ہمیشہ قانون کے لیے طریقہ کار یہ ہوتا ہے اور وہ قانون کامیاب رہتا ہے جس کے ساتھ لوگوں کا تعلق عقیدت کے لحاظ سے ہو میں یہ کہتا ہوں کہ اسی کو ہم نے اسلام سمجھا ہے، اسی کو ہم نے قرآن سمجھا ہے، اسی کو ہم نے حدیث سمجھا ہے۔ آپ کے تمام لوگ اسی فقہ پر عمل کرتے ہیں اور آپ کے تمام دیہات اور آپ کے تمام شہروں میں جہاں پر بھی حرام حلال کا مسئلہ آتا ہے تو اسی فقہ کے تحت آتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایک مخصوص طبقہ ہے جو اندر اندر عدلیہ کے اندر اور انتظامیہ کے اندر اس کو آنے نہیں دیتا۔ اس لئے کہ انگریز نے اس کو اپنے زمانے کے اندر منسوخ کر دیا تھا۔

اب کہا یہ جاتا ہے کہ ہم قانون تو بناتے ہیں لیکن قانون بنانے وقت یہ نہیں کہا جاتا کہ ہم ان اصولوں سے استفادہ کریں گے یا ہم ان اصولوں کے پابند ہوں گے جو استنباط کے اصول ہیں جو اجتہاد کے اصول ہیں اور جس طریقے سے اجتہاد کیا جاتا ہے اسی کا نتیجہ یہ ہے کہ آج تک ہم قدم قدم پر ٹھوکریں کھا رہے ہیں اور آج تک ہم قانون سازی میں ناکام رہے ہیں اور پھر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ لوگ اس کو مانتے نہیں ہیں۔ حالانکہ یہ غلط ہے لوگ اس کو ماننے کیلئے بےچین ہیں۔ وہ ہمیشہ مطالبہ کرتے ہیں یہ ساری تحریکات اسی پر چلتی ہیں کہ اسلام یہاں کیوں نہیں آ رہا۔ میں کہتا ہوں کہ آٹھ سال کے اندر موجودہ حکومت نے بہت کام کیا

[Qazi Abdul Latif]

ہے اسلام کے لئے عبادات کے لئے نماز کے لئے ، روزے کے لئے ، حج کیلئے زکوٰۃ کے لئے کیا ہے ، لیکن اس کے باوجود بھی تاثر یہ ملتا ہے کہ موجودہ حکومت نے اسلام کے متعلق کیا کیا ہے ، اس لئے کہ یہ چیزیں تو عوام پہلے سے بھی کرتے تھے ۔

اصل سوال یہ ہے کہ عدلیہ کے نظام کو کیوں تبدیل نہیں کیا جا رہا ، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم کسی اصول کے پابند اپنے آپ کو نہیں بنا رہے ، میری گذارش یہ ہے اور اس بل کے لانے کا میرا مقصد یہ ہے کہ اگر آپ قانون سازی کے لئے اس ایوان کو اور اسی طریقے سے قومی اسمبلی کے ایوان کو اور اسی طریقے سے قانون سازوں کو اس کا پابند بنا دیں کہ وہ ان اصولوں کے اندر رہتے ہوئے جو آئمہ کرام نے ہمارے لئے اجتہاد کے اصول مقرر کئے ہیں ، قرآن کی تفسیر کے اصول مقرر کئے ہیں اور حدیث کے اصول مقرر کئے ہیں ، قانون سازی کریں میرا خیال ہے کہ اس سے فوراً انقلاب آسکتا ہے ، قانون سازی ہو سکتی ہے ، یہ قانون سازی مشکل نہیں ہے ، ہم قانون سازی کا حق ان لوگوں کو دے دیتے ہیں کہ جو اس کی ابجد سے واقف نہیں ہیں ۔ تو میں نے اس بل کو اسلئے پیش کیا تاکہ عملی طور پر اور اس فقہ کے اندر رہتے ہوئے جو اس مقصد کے لئے بنایا گیا تھا کہ انفرادی اور اجتماعی دونوں طریقے سے مسلمانوں کو اسلام کے تابع بنایا جائے ۔

اس بل کے ذریعے سے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اجماع کو حجت مانا جائے ، مجتہدین کے اجتہاد کو مانا جائے ، اور اسی طریقے سے ان اصولوں کو تسلیم کیا جائے جو اصول تفسیر ہیں ، علم اصول حدیث ہیں ، علم اصول فقہ ہیں ، انہی کے ماتحت اجتہاد اگر کیا جائے تو کون کہتا ہے کہ ہم اجتہاد کے خلاف ہیں ، آج کے زمانے کے اندر ہم نے کبھی نہیں کہا ، یہ ہم پر ایک الزام ہے کہ ہم نے اجتہاد کی مخالفت کی ہے ، ہم کہتے ہیں کہ ہمارا مذہب ابدی ہے ، جب ہمارا مذہب ابدی ہے اور ابد تک جب نئے نئے مسائل پیدا ہوتے رہیں گے تو ان کو یقینی طور پر اجتہاد کے ذریعے سے ہی حل کیا جائیگا ، لیکن اس کا مقصد یہ نہیں ہے جس طرح ۱۹۶۲ء کے اندر ادارہ تحقیقات اسلامی بنایا گیا تھا ، اس

نے اپنے موضوع سے ہٹ کر بجائے اس کے کہ جو نئے مسائل ہمارے سامنے آئے تھے۔ ان کے بارے میں اجتہاد کر کے ہماری راہنمائی کرتے۔ انہوں نے یہ کردار انجام دیا ہے کہ ہمارے سابقہ جتنے بھی متفقہ اور اجتماعی مسائل تھے ان پر ریسرچ شروع کر دی۔ اور یہ کہنا شروع کر دیا کہ زکوٰۃ ٹیکس ہے اور اس کے تغیّر و تبدل کا ہمیں اختیار ہے، وغیرہ وغیرہ۔ میں گذارش کرونگا کہ ادارہ تحقیقات اسلامی اس لئے ناکام ہوا۔ ۱۹۷۲ء کے آئین کے اندر اس کی گنجائش تھی۔ لیکن ۱۹۷۳ء کے اندر اس کی گنجائش ختم کر دی گئی تھی۔

میں گذارش کرونگا کہ یہ اصول تسلیم کر لیئے جائیں۔ اجتہاد وہی معتبر ہوگا، جو ان اصولوں کے ماتحت ہوگا۔ اور اسی طریقے سے اجتماع وہی معتبر ہوگا جو ان اصولوں کے ماتحت ہوگا۔ قرآن کریم کی تفسیر کا وہی اعتبار ہوگا جو ان اصولوں کے ماتحت ہوگا۔ ہر کسی کو تفسیر کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یہ تو ہم کہتے ہیں کہ قرآن و سنت کے مطابق ہم قانون بنائینگے۔ لیکن سوال یہ ہے وہ کن اصولوں کے ماتحت ہوگا۔ اور اگر ان اصولوں کی عملی طور پر کوئی تقلید کر سکتا ہے تو ٹھیک ہے۔ اور اپنے اصولوں کی تردید ثابت کر سکتا ہے۔ تو پھر ہم ماننے کے لیئے تیار ہیں۔ ہم متعصب نہیں ہیں۔ اسی طریقے سے اصول حدیث اگر وہ ان کی تکذیب نعوذ باللہ کر سکتے ہیں۔ یا ان پر اپنے اصولوں کی ترجیح ثابت کر سکتے ہیں۔ تو پھر ماننے کے لئے ہم تیار ہیں۔ لیکن اگر وہ اصول ابدی اور اٹل ہیں۔ اور انہی کے ذریعّہ سے اگر شاہ ولی اللہ ان کا مقلد ہے، مجدّد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ ان کا مقلد ہے، شاہان دھلی سارے ان کے مقلد ہیں اور اسی طریقے سے ہمارے اولیاء کرام خواجہ معین الدین چشتی رحمتہ اللہ علیہ اس کے مقلد ہیں، خواجہ نظام الدین اس کے مقلد ہیں۔ اگر یہ سارے حضرات اس تقلید پر فخر کرتے ہیں باوجود اس بات کے کہ ان کے علم کی ابجد تک ہم نہیں پہنچ سکے۔ ان کی مخالفت کرتے ہیں۔ تقلید کے معنی یہ نہیں ہیں کہ اندھے طور پر اس کے پیچھے چل پڑیں۔ اور اسی چیز کے بارے میں امام رحمتہ اللہ نے صاف کہا تھا، اگر میرا اجتہاد قرآن و سنت

[Qazi Abdul Latif]

کے خلاف ہے تو اسے ٹھکرایا دیا جائے۔ اور ہمارا اصول یہی ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے ہمیں جو ہدیہ پیش کیا ہے وہ قرآن و سنت کے خلاف نہیں ہے۔ ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ انہوں نے جو کچھ پیش کیا ہے، وہ قرآن و سنت کے موافق ہے اسی سے استنباط کیا ہے۔

میں گذارش کرونگا کہ اس بل کو لانے کا میرا مقصد یہ ہے کہ اس معاشرے کو اب آگے چلنے دیا جائے جو آج تک ٹھہرا ہوا ہے۔ اور اس دعدے اور دعوئ کے باوجود بھی کہ ہم قرآن و سنت کے خلاف کوئی قانون نہیں بنائینگے لیکن آج تک ہم اس کے اندر کامیاب نہیں ہو سکے۔ اس بل کا مقصد یہ ہے کہ اس کو چلنے دیا جائے۔ اور قانون سازی کی جائے۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ، مولانا سمیع الحق صاحب!

مولانا سمیع الحق: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین، جیسا کہ ہمارے محترم قاضی صاحب نے فرمایا ہم اس مشن کی، ان محنتوں اور اس جدوجہد کی تکمیل کرانا چاہتے ہیں جو برصغیر کے مسلمانوں نے اس ملک میں اللہ کے دین کے قیام کے لئے کی۔ اور پاکستان کا معنی لا الٰہ الا اللہ قرار دیا گیا۔ پھر موجودہ حکومت نے آٹھ سال مارشل لاء کے دوران مسلسل یہی نعرہ لگایا کہ ہمارا اہم ترین مقصد اس ملک میں دین کی بالادستی اور شریعت کا نفاذ ہے۔ پھر ہم نے "قرارداد مقاصد" میں اور پالیسی کے رہنما اصولوں میں خداوند تعالیٰ کی حاکمیت کا وعدہ کیا، جسے اب آئین کا بھی ایک حصہ بنا لیا گیا ہے۔ اب اللہ کی حاکمیت یہی ہے جس کی اللہ تعالیٰ نے خود تشریح کی ہے۔ (عربی)

کہ حکم اور فیصلہ اور قانون صرف اللہ تعالیٰ کا ہوگا۔ اور صاف فرمایا کہ (عربی)

جب اللہ تعالیٰ نے کسی معاملہ میں قرآن و حدیث کے ذریعہ ایک حکم سنا دیا اور فیصلہ دے دیا، تو کسی مومن اور مومنہ، کسی مرد یا خاتون کو یہ حق نہیں، اس کے خلاف وہ رائے دے سکے۔ اور کوئی قانون بنا سکے۔ پھر اتنے سخت الفاظ فرمائے۔ (عربی)

اور ظالم اور کافر، حاسد اور مشرک کئی الفاظ اللہ تعالیٰ نے کہے۔

اس بل کے ذریعے ہمارا جو مشن ہے اور حکومت بھی جو اعلانات کر رہی ہے ۔تو اسلامی قوانین کی بالادستی صرف مواعید اور خوشنما بیانات اور تقاریر اور ذرائع ابلاغ پر اس کی اشاعت سے نہیں ہوسکتی ۔اس کا بنیادی ذریعہ یہ ہے کہ ہم مقننہ ، عدلیہ ، انتظامیہ ان تینوں اداروں کو شریعت کی بالادستی کے تابع کر دیں ۔تو اس میں ہم نے تین چیزوں کو بڑی اہمیت دی ہے ۔ایک تو مقننہ کو یہ حق نہ ہو ، کہ وہ کوئی ایسا قانون بنائے جو شریعت کے خلاف ہو ، خواہ وہ پارلیمنٹ ہو ، خواہ وہ قومی اسمبلی ہو ، خواہ وہ سینٹ ہو ، اگر وہ کوئی ایسی بات منظور کرے ، تو اسے نفاذ شریعت کی عدالت میں چیلنج کیا جائے ۔دوسرے ملک کی تمام عدالتیں ہر قسم کے مقدمات ، خواہ وہ مالی معاملات ہوں یا غیر مالی ، شریعت کے مطابق فیصلہ کرنے کی پابند ہوں ۔اور جو بھی شریعت کے خلاف فیصلے کیئے گئے ، ان کو قانونی حیثیت نہ دی جائے ۔تیسری بات یہ ہے کہ وفاقی شرعی عدالت کا دائرہ کار اختیار سماعت اور فیصلہ بلا استثنا ہر قسم کے مقدمات پر حاوی ہو ، چوتھی بات یہ ہے کہ انتظامیہ کا کوئی فرد بھی بشمول صدر مملکت ، بشمول وزیر اعظم ، شریعت کے خلاف کوئی حکم نہیں دے سکے گا اور اگر کوئی ایسا حکم دے دیا تو اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہوگی اور اس کو عدالت میں چیلنج کیا جا سکے گا اور پانچویں بات یہ ہے کہ ہم یہاں غیر مسلم اقلیتوں کے حقوق کا صحیح تحفظ چاہتے ہیں ۔ہم ان سب کو اپنے اپنے فقہی مسالک کے مطابق فیصلہ کرنے کا حق دینگے ۔ان کے پرسنل لاء میں کوئی مداخلت نہیں ہوگی ، اسی طرح غیر مسلم اقلیت ، کی مذہبی تعلیم ، تبلیغ ، مذہبی قانون کا پورا تحفظ کیا جائیگا ۔

آخری بات یہ ہے کہ شریعت نے جو بھی حقوق اسلامی مملکت کے شہریوں کو دیئے ہیں ، خواہ وہ مسلم ہیں یا غیر مسلم ، ان کے خلاف کوئی حکم نہیں دیا جاسکے گا ۔اور اگر کوئی حکومت اس طرح کے حقوق پر اثر انداز ہونے والے احکام جاری کرے تو اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہوگی ، اور اسے عدالت میں چیلنج کیا جاسکے گا

[Maulana Sami-ul-Haq]

تو مختصراً محترم! اس قانون کی غرض و غایت خالص اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور ملک کے اسلامی نظریہ کا استحکام ہے۔ تاکہ ملک کے تمام باشندے جس نظام کے لئے بے چین ہیں۔ وہ مطمئن ہو جائیں ورنہ خدانخواستہ ہم نے جتنے شد و مد سے اسلام کا نام لیا ہے۔ اور ہم کہتے ہیں اسلامی نظام آگیا ہے اور لوگوں کو نتیجے میں سوائے، بدعنوانی، کرپشن، برائی اور ظلم و ستم کے کچھ نہ ملے، تو لوگ کہیں گے کہ اسلام کا عالم وجود میں اور حقیقت کا دنیا میں کوئی ایسا ہی تصور ہوگا، اسلام کے انتظار میں جو لوگوں کا حسین تصور تھا۔ وہ تصور ہی ختم ہو جائیگا اسلام ایسی چیز ہے وہ جاری ہو نہیں سکتی ہے۔ یا اگر جاری ہو بھی جائے تو مشکلات ختم نہیں ہونگی۔ تو لوگ اسلام ہی سے برگشتہ ہو جائینگے۔ اس لیے میں کہتا ہوں خدارا اس سینٹ کے ایوان کو یہ شرف اور اعزاز دے دیجئے کہ وہ اس بل کو منظور کرے۔ اور پارلیمنٹ کے مشترکہ حلقوں میں یہ جو فضیلت حاصل ہو گی یہ سینٹ کو حاصل ہو سکے گی۔ تو میرے سینٹ کے تمام ارکان بھی اس کی پرزور حمایت کرینگے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جناب وزیر انصاف صاحب!

جناب اقبال احمد خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم، جناب چیئرمین! میں شکرگزار ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا کہ میں اس بل کے متعلق اپنے کچھ خیالات کا اظہار کر سکوں۔ جناب والا! جن جذبات کے تحت اس بل کو پیش کیا گیا ہے پاکستان کے نو کروڑ مسلمانوں کے یہی جذبات ہیں اور میں ان کی قدر کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ بلکہ میں یہ عرض کرونگا کہ قیام پاکستان کے وقت برصغیر کے کروڑوں مسلمانوں نے اس لئے جدوجہد کی تھی کہ ایک ایسا خطہ زمین حاصل کیا جائے، جہاں قرآن و سنت کے مطابق نظام حکومت قائم کیا جائے۔

جناب والا! قائد اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے پاکستان کے قیام کے مقاصد بیان کرتے ہوئے بھی یہ ارشاد فرمایا تھا کہ پاکستان کا آئین قرآن و سنت کے مطابق ہوگا۔ قیام پاکستان کے بعد بھی قائد اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے متعدد دفعہ اس بات کا

اعلان کیا کہ پاکستان میں تمام قوانین قرآن و سنت کے مطابق بنائے جائیں گے اور انہوں نے یہ بھی تخصیص فرمائی کہ قرآن پاک کے قانون اور اصول اور ضابطے آج بھی اسی طرح جاری و ساری ہیں اور قابل عمل ہیں جس طرح کہ چودہ سو برس پہلے تھے۔ اس لئے کسی بھی مسلمان کا اس بات پر اختلاف نہیں ہو سکتا کہ پاکستان میں قرآن و سنت کے مطابق قوانین کو مرتب نہ کیا جائے یا جو پہلے سے قوانین موجود ہیں انکو اس کے مطابق درست نہ کیا جائے۔ اس میں جناب کوئی دو رائے نہیں ہیں۔ لیکن یہاں جو بل پیش کیا گیا ہے اسکے متعلق اظہار کرنے سے پہلے میں یہ عرض کرونگا کہ جس بات کا موورز نے اظہار فرمایا ہے کہ پاکستان میں کچھ نظر نہیں آرہا کہ اسلام نافذ ہو رہا ہے یا نہیں ہو رہا اور آپ اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ پاکستان میں اسلامی قوانین کافی حد تک مرتب ہو چکے ہیں۔ ان پر عملدرآمد بھی کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

جناب والا! ہمارے معاشرے میں اتنی برائیاں آچکی ہیں کہ محض قوانین کے ذریعے سے ان کو درست کرنا ممکن نہیں۔ آپ دیکھتے ہیں کہ ملک میں بڑے سخت قسم کے قوانین موجود ہیں، منشیات کے متعلق آپ دیکھتے ہیں، چوری کے متعلق آپ دیکھتے ہیں اور یہ حدود آرڈیننسز نافذ ہو چکے ہیں لیکن اسکے باوجود معاشرے سے برائیاں کم ہونے کی صورت پیدا نہیں ہو رہی۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ صرف یہی کہنا کافی نہیں ہے کہ ملک میں خدانخواستہ کوئی قانون ایسا موجود ہے جو قرآن و سنت کے مطابق نہیں بلکہ دراصل ملک میں معاشرتی حالت بہت خراب ہو چکی ہے جسکی اصلاح کے لئے ہمیں ہمہ تن کوشش کرنا ہوگی اور اس کے لئے ہمیں پاکستان کے ہر طبقے بالخصوص معزز علمائے کرام کی امداد و اعانت کی ضرورت ہوگی کہ وہ ایک عظیم تبلیغی مہم چلائیں کہ جسکے ذریعے سے مسلمانوں کے اخلاق کو سنوارنے کی کوشش کی جائے۔

جناب والا! اسلام کا نفاذ بھی کوئی اتنا آسان نہیں۔ حضرت علامہ اقبال نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

چون می گویم مسلمانم بلرزم
که دانم مشکلات لا الہ را

جناب والا! جب اسلام نافذ ہو گا تو پھر اس ملک میں لمبے لمبے عیاشی کے سامان پیدا نہیں ہو سکتے۔ انسانوں کو سادگی اختیار کرنا ہو گی اور یہ چیزیں اخلاقی تبلیغ کے ذریعے سے درست کی جا سکتی ہیں۔ اس لئے میں ان محرکین کی خدمت میں ادب و احترام سے گذارش کرونگا کہ اس بات پر کوئی اختلاف نہیں کہ اگر کوئی غیر شرعی قانون اس ملک میں موجود ہے تو اس کو اسلامی ڈھانچے میں نہ ڈھالا جائے۔ میں خصوصی طور پر اس بل کی مخالفت نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن میں نے ایک تجویز دی تھی، ٹیکنیکل بناء پر۔ جناب والا! اس بل کے ذریعے سے اس آئین میں ترمیم کی کوشش کی گئی ہے جو قاعدے اور ضابطے کے مطابق درست نہیں ہے۔ جناب والا! میں آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ اگر ہم اپنے آئین، قانون اور ضابطوں کو چھوڑ دیں گے تو پھر ملک کا نظام صحیح طور پر نہیں چل سکے گا۔ اس سینٹ کی بہت بڑی ذمہ داری ہے اور اس سینٹ نے ایسی روایات قائم کرنی ہیں کہ جسکے ذریعے سے ملک میں قانون کی بالادستی ہو، آئین کی بالادستی ہو اور رولز و قواعد کے مطابق ہم کام کریں اور جب ان حدود و قیود کو ہم اپنے آپ پر لاگو نہیں کریں گے تو پھر ہم کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ اس معزز ایوان کے بنائے ہوئے قوانین پر عوام عمل کریں گے۔ اس لئے میں کچھ گذارشات اس ضمن میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا! انہوں نے یہ جو بل پیش کیا ہے اگرچہ بدقسمتی سے ہمیں یہ بروقت نہ مل سکا اور اس پر زیادہ غور و فکر نہ کیا جا سکا۔ یہ بھی ہمارا اپنا ہی قصور ہے، ہمیں چاہیے تھا کہ اس بل کو ہم پہلے حاصل کر لیتے اگرچہ محرکین نے تو کافی دنوں سے یہ پیش کر رکھا تھا۔ اب جناب والا! اس میں جو دفعات ۲، ۴، ۵، ۶، ۷ اور ۸ دی گئی ہیں تو اس سلسلے میں آپ کی توجہ میں آئین کی طرف دلاؤں گا۔ اب جناب والا! آئین جب ترتیب دیا گیا تو اس کے بعض

مقاصد تھے تو آئین میں جو مقاصد اس بل سے ان دفعات سے آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں، جنکا میں نے ذکر کیا ہے وہ جناب والا! آئین کی قرارداد مقاصد ہے میں وقت کی کمی کی وجہ سے ساری قرارداد پیش نہیں کرونگا، میں مختصر حوالہ جات دونگا۔ مثال کے طور پر قرارداد مقاصد میں یہ دیا ہوا ہے کہ

Wherein the principles of democracy, freedom, equality, tolerance and social Justice as enunciated by Islam, shall be fully observed;

اس بات کا ہم نے عہد کر رکھا ہے۔ جناب والا! اس میں یہ دیا ہوا ہے۔

Wherein the Muslims shall be enabled to order their lives in the individual and collective spheres in accordance with the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah;

پھر جناب والا! preamble کے آخر میں دیا ہے کہ:

Now, therefore, we the people of Pakistan, conscious of our responsibility before Almighty Allah and men;

ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہ ہیں اور اسلئے ہمیں کوئی ایسا اقدام نہیں کرنا چاہیئے جو اللہ تعالیٰ کے احکام کے خلاف ہو۔

جناب والا! میں اسی طرح آپ کی توجہ آئین کے آرٹیکل ۲ کی طرف مبذول کراؤنگا جس میں یہ دیا ہوا ہے کہ

Islam shall be the State religion of Pakistan.

اور ۲ (اے)، جو نیا آرٹیکل [redacted] ہوا ہے اس کے ذریعے ہمارا جو preamble تھا اس میں قرارداد مقاصد کو آئین کا حصہ بنا دیا گیا ہے اور اس طریقے سے جو اعلانات ہم نے قرارداد مقاصد میں کئے تھے اب وہ آئین کا حصہ ہیں۔ اب جناب والا! میں آپ کی توجہ آئین کے آرٹیکل ۱۳ کی طرف

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

دلانا چاہتا ہوں اور اس بل کے ذریعے سے جو مقاصد ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں ، آرٹیکل ۳۱ میں یوں دیئے ہوئے ہیں :

31. (1) Steps shall be taken to enable the Muslims of Pakistan, individually and collectively, to order their lives in accordance with the fundamental principles and basic concepts of Islam and to provide facilities whereby they may be enabled to understand the meaning of life according to the Holy Quran and Sunnah.

Then Sub Article 2. The state shall endeavour as respects the Muslims of Pakistan,—

(a) to make the teaching of Holy Quran and Islamiat compulsory to encourage and facilitate the learning of Arabic Language and to secure correct and exact printing and publishing of the Holy Quran,

(b) to promote unity and observance of the Islamic moral standards; and

جناب والا ! یہ چیزیں جو اس بل کے ذریعے سے محرکین حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ آئین کی ان دفعات میں cover ہیں ۔ اب انہوں نے بل انٹروڈیوس کرتے وقت کچھ قوانین کا حوالہ دیا ہے اور عدالتوں کا حوالہ دیا ہے جناب والا ! میں اس سلسلہ میں عرض کرونگا کہ اگر اس آئین میں جیسا کہ انہوں نے مالی قوانین کے متعلق ارشاد فرمایا ۔ جناب والا ! مالی قوانین کے متعلق جو آرٹیکل ۲۰۳ بی ہے ۔ اس میں درج ہے کہ :

In this Chapter, unless there is anything repugnant in the subject or context,—

ڈیفینیشن ہے کلاز (سی) میں ، لاء کی تعریف ، جس میں یہ ترمیم کرنا چاہتے ہیں ۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ کیا آئینی طور پر ہمیں اس بات کا حق حاصل ہے یا نہیں ہے ۔ اگر ہم بغیر انڈرسٹینڈ کئے ، اس بل کو پیش کرتے ہیں تو آئین کی نفی ہو گی ۔

Mr. Chairman: Would you refer?

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! آئین کی دفعہ ۲۰۳ بی کلاز (سی) یہ صفحہ ۴۲۴ پر ہے۔

"Law" includes any custom or usage having the force of law but does not include the Constitution, Muslim Personal Law, any Law relating to the procedure of any court or tribunal, or until the expiration of ten years from the commencement of this Chapter, any fiscal law or any law relating to the levy and collection of taxes and fees or banking or insurance practice and procedure;"

تو جناب والا! جب تک آئین کی دفعہ ۲۰۳ بی موجود ہے اس میں جب تک ترمیم نہ کی جائے اس کی موجودگی میں جناب والا! کوئی ایسا قانون مرتب نہیں ہو سکے گا......

Mr. Chairman: How do you interpret the 10 years from the beginning.

جناب اقبال احمد خان: جناب ۱۹۸۰-۶-۲۵ کو یہ ترمیم آئی ہے یعنی ۱۹۹۰/۶/۲۵ تک جب تک اس آئین کی دفعہ میں ترمیم نہ کی جائے کوئی ایسا قانون نہیں بنایا جا سکتا، فیڈرل شریعت کورٹ کے دائرہ کار میں لانے کے لئے جو اس کلاز (سی) میں دیا ہوا ہے۔ اب مالی لاز اس وقت تک تو قانون کی شکل اختیار نہیں کر سکتے جیسا کہ معزز محرکین نے ارشاد فرمایا ہے اور نہ ہی فیڈرل شریعت کورٹ کے دائرہ کار میں آ سکتے ہیں جب تک کہ اس آئین کی دفعہ کو ترمیم نہ کیا جائے۔ اور اگر اس کو ترمیم کرنا چاہتے ہیں جناب والا! تو اسکا طریقہ اور ہے، وہ اس بل کے ذریعے سے ترمیم نہیں ہو سکتی۔ اب جناب مزید میں یہ عرض کرونگا کہ انہوں نے عدالتوں کے متعلق ارشاد فرمایا ہے۔ ان حدود وقیود کے اندر .... رہتے ہوئے جو آئین نے متعین کر رکھی ہیں جناب والا! اس ملک کے اندر فیڈرل شریعت کورٹ کا قیام ہو چکا ہے۔ جس کے قیام کے بارے میں آرٹیکل ۲۰۳ سی (۱) میں مذکورہ ہے۔ اب آپ اس پر

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

محسوس فرمایئے گا کہ ان کا دائرہ اختیار کیا ہے۔ جناب والا! یہ ۲۰۳ ڈی (۱) میں دیا ہوا ہے۔ اس آئین کے متعلق جس میں فیڈرل شریعت کورٹ کا دائرہ کار متعین کیا گیا ہے۔ اب جناب والا! یہ لکھا ہوا ہے کہ

"203D. (1) The Court may, either of its own motion or on the petition of a citizen of Pakistan, or the Federal Government or a provincial Government, examine and decide the question whether or not any law or provision of law is repugnant to the injunctions of Islam, as laid down in Holy Quran and the Sunnah of the Holy Prophet, (May peace be upon him), hereinafter referred to as the injunctions of Islam.

(1A) Where the Court takes up the examination of any law or provision of law under Clause (1) and such law or provision of law appears to it to be repugnant to the injunctions of Islam, the Court shall cause to be given to the Federal Government in the case of a law with respect to a matter in the Federal Legislative List or the Concurrent Legislative List, or to the Provincial Government in the case of a law with respect to a matter not enumerated in either of those lists, a notice specifying the particular provisions that appear to it to be so repugnant, and afford to such Government adequate opportunity to have its point of view placed before the Court."

اب جناب! ان سب کو سننے کے بعد جب کورٹ فیصلہ کرتی ہے تو فائنل جناب! اس میں صورت یہ ہے کہ اسی آرٹیکل کی کلاز ۳ ہے اس میں لکھا ہے کہ جب عدالت ہولڈ کر دے کہ کوئی قانون قرآن و سنت کے خلاف ہے تو پھر حکومت پر فرض عائد ہو گا کہ وہ اس کے مطابق اس کی ترمیم کرے۔ اس میں جناب والا! دیا ہے کہ،

"203D (3) If any law or provision of law is held by the Court to be repugnant to the injunctions of Islam,–

(a) the President in case of a law with respect to a matter in the Federal Legislative List or the Concurrent Legislative list, or

the Governor in case of a law with respect to a matter not enumerated in either of those Lists, shall take steps to amend the law so as to bring such law or provision into conformity with the Injunctions of Islam ;

اب جناب والا! اس کے بعد اب اس عدالت کے فیصلوں کے مطابق حکومت پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ان میں ترمیم کرے۔ جیسے جناب والا! آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ ابھی دو تین روز پہلے اس شریعت کورٹ کے فیصلے کے مطابق اس ایوان نے حکومت کے ان قوانین میں ترمیم منظور کی ہے جو عدالت کے فیصلوں کے مطابق کی گئی ہے۔ جناب والا! اس آئین میں ۲۰۳ سی کے مطابق فیڈرل کورٹ میں علماء موجود ہیں فیڈرل کورٹ تمام قوانین کی چھان پھٹک کر سکتی ہے اور کوئی بھی شہری یہ درخواست دے سکتا ہے اور جب وہ عدالت فیصلہ کر دے تو اس کے بعد حکومت پر فرض عائد ہوتا ہے کہ اس قانون میں ترمیم کر دے۔ اگر ترمیم نہیں کرتی تو وہ قانون خود بخود کالعدم ہو جاتا ہے۔ تو اس کا اہتمام پہلے سے موجود ہے۔ پھر جناب والا! اس عدالت کے فیصلوں کا جہاں تک تعلق ہے اب اس میں آپ کی توجہ آرٹیکل ۲۰۳ جی جی پر مبذول کراؤں گا، یہ صفحہ ۱۳۳ پر ہے۔ اس میں دیا ہوا ہے:۔

"203GG or Subject to Article 203D, and 203F, any decision of the Court in exercise of its jurisdiction under this Chapter shall be binding on a High Court and on all courts subordinate to a High Court."

اب جناب والا! فیصلہ جو عدالت دے گی اس میں حکومت پر ہی پابندی نہیں ہے بلکہ عدالتوں پر بھی اور تمام عدالتوں پر اس کی پابندی لازماً اور واجب ہے۔ اس لئے جناب والا! جہاں تک مقاصد بیان کئے گئے ہیں اس بل میں ان کی، میری ناقص رائے میں، پہلے سے اس آئین کے اندر پوری کی پوری پروویژن موجود ہے۔ لیکن جہاں تک لاء کا تعلق ہے وہ جب تک آئین میں ترمیم نہ کی جائے اس کے لئے قانون نہیں بن سکتا۔ اس لحاظ سے ٹیکنیکل میں

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

نے جو گذارش کی تھی کہ یہ بل چونکہ آئین کی پروویژنز سے متحارب کرتا ہے اس لئے یہاں پیش نہیں ہو سکتا۔ لیکن جناب والا میں یقین دلانا چاہتا ہوں اس ایوان کو اور اس ایوان کے ذریعے اپنی ملت کو کہ اس حکومت کی پختہ رائے ہے کہ ہم پاکستان کے اندر جلد از جلد تمام قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق نہ صرف ڈھالنا چاہتے ہیں بلکہ اہتمام کریں اس بات کا کہ پوری سپرٹ کے ساتھ اس کا نفاذ بھی ہونا چاہیئے اور اس کے لئے اس ایوان کے معزز اراکین کی رہنمائی اور امداد و اعانت کی ازبس ضرورت ہوگی۔ اس جذبے کے تحت میں ایک تجویز دینا چاہتا ہوں۔ اگر محرکین میری اس تجویز کو قبول فرمائیں کہ اس پر فی الحال غور نہ فرمایا جائے۔ وجہ یہ ہے کہ ابھی یہ بل مجھے ملا ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ پاکستان کے اندر کوئی قانون ایسا رہ جائے جو قرآن و سنت سے متحارب ہو اور ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے آخرت میں جواب دہ ہوں۔ اس لئے میں گذارش کرنا چاہوں گا کہ ہمیں ان علمائے کرام کی راہنمائی کی ازبس ضرورت ہے۔ اس لئے میں تجویز کرتا ہوں کہ اس بل کی کنسیڈریشن ۔۔۔۔۔۔ (مداخلت)

جناب اقبال احمد خان: نہیں کمیٹی میں نہیں جناب۔ کیونکہ یہ آئین کے خلاف ہے کمیٹی میں پیش نہیں ہو سکتا۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ ہم اس کی ایڈمیسیبلٹی پر فیصلہ کریں گے تو کمیٹی میں جائے گا۔ تو اس کو ڈیفر کیا جائے اور اس کے بعد ان علمائے کرام کے ساتھ بیٹھ کر ہم اس کی تمام شقوں اور آئینی اور قانونی چیزوں کو دیکھ لیں گے۔ اگر محسوس کیا گیا کہ اس شکل میں بل آنا ہے یا اس کو کسی آئینی ترمیم کے ذریعے لانا ہے تو پھر اس ضابطے اور طریق کار کے مطابق اس عمل کو کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ اور آج فی الحال اس بل کو جیسے محترم قاضی عبداللطیف نے فرمایا ہے ڈیفر کیا جائے اگلے اجلاس تک۔ اور دوران میں ہم مل کر اس کے تمام حسن و قبح پر غور کر لیں گے اور آخر میں میں جناب آپ کا شکر گزار ہوں اور یہ عرض کروں گا کہ

خدا تجھے کسی طوفان سے آشنا کر دے
کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں
نہیں کتاب سے تجھے فرار کہ تو ؟
کتاب خواں ہے مگر صاحب کتاب نہیں

جناب چیئرمین : قاضی حسین احمد !

قاضی حسین احمد : جناب والا! وزیر قانون صاحب نے جو ارشادات یہاں ایوان کے سامنے پیش کئے ہیں، ان سے ایک بات تو یہ سامنے آتی ہے کہ ان کے خیال میں اسلام کا نفاذ بہت مشکل ہے۔ اور انہوں نے علمائے کرام کو یہ مشورہ دیا ہے کہ تبلیغ اور تلقین کیجئے۔ اور ہماری اس سلسلے میں جو ذمہ داریاں ہیں وہ سیکنڈری حیثیت رکھتی ہیں۔ حالانکہ تبلیغ اور تلقین کے ساتھ ساتھ جو باتیں جناب وزیر قانون صاحب نے فرمائی ہیں ان کی وضاحت، ان کی صفائی بہت ضروری ہے۔

جناب چیئرمین : آپ ضرور وضاحت کریں لیکن جو نقطہ انہوں نے پیش کیا ہے کہ ان کی رائے میں چونکہ یہ بل کانسٹی ٹیوشن کے پراونشنز کے خلاف ہے اس کو مد نظر رکھتے ہوئے یا تو آپ کہیں کہ کانسٹی ٹیوشن کے خلاف نہیں ہے ..(مداخلت)

قاضی حسین احمد : انہوں نے تمہید میں کچھ باتیں کی ہیں جو اس سے بالکل متعلق نہیں تھیں۔ یا تو آپ ان کو منع کرتے کہ وہ تمہیدی باتیں نہ کرتے۔ اور انہوں نے علامہ اقبال کے اس شعر کا بالکل غلط استعمال کیا ہے۔

چو می گویم مسلمانم بلرزم
کہ دانم مشکلات لا الہ اللہ

اور اس کا انہوں نے یہ مطلب لیا ہے کہ اس لا الہ کو چھوڑ دیجئے۔ کیونکہ یہ بہت مشکل کام ہے۔ یہ مشکل ہمیں حل کرنی ہے، جو بھی رکاوٹ ہے۔ دوسری بات اس میں یہ ہے کہ چونکہ آئین میں یہ تمام چیزیں موجود ہیں۔ قرارداد مقاصد موجود ہے، آرٹیکل ۲ (اے) موجود ہے، اور آرٹیکل ۳۱ موجود ہے اور اس کے بعد شریعت کے لئے کسی قانون سازی کی گنجائش سے

[Qazi Hussain Ahmed]

انہوں نے انکار کیا ہے مجھے اس سے قطعاً اختلاف ہے کہ اس کے بعد شریعت بل لانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ ان آرٹیکلز کا تقاضا یہ ہے کہ ہم شریعت کے مطابق قانون سازی کریں۔ یہ آرٹیکلز ہمیں بائینڈ کرتی ہیں کہ ہم عملی طور پر اس کے لئے کوئی قانونی طریقے اختیار کریں ۔ تاکہ ان دفعات کو ہم عملاً نافذ کر سکیں ۔ ہم ان تمام دفعات کو پاکستان کے بننے کے بعد سے لیکر اب تک چاٹ رہے ہیں ۔ اور ہمیں بار بار حکومت کی طرف سے یہی وعظ کیا جاتا ہے ۔ کہ تم تلقین اور تبلیغ کرو اور حکومت اپنے فرائض سے چشم پوشی کرتی رہے ۔ جہاں عملاً کسی اقدام کا اور عمل کا وقت آتا ہے تو یہ لوگ اس میں technicalities کا سہارا لیتے ہیں ۔ قوم کا مطالبہ ہے کہ عمل کیا جائے اور اس طریقے سے جو آرٹیکلز انہوں نے بنائے ہیں ، انہوں نے اس میں آرٹیکل ۲۰۳ بی کا حوالہ دیا ہے اور ۲۰۳ بی (سی) کا کہ انہوں نے ۱۹۹۱ تک Fiscal دائرے میں شریعت کے قانون کو معطل کر دیا ہے ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ یہ جو بلند وبانگ دعوے لیکر آئے تھے کہ ہم اسلام کے نفاذ کے لئے آئے ہیں تو کیا یہ کہنے سے یہ بلند بانگ دعوے غلط ثابت نہیں ہونے ۔ ۱۹۷۳ء میں جو آئین بنا تھا اور اس وقت دس سال کا وقت مقرر کیا گیا تھا ۔ اس میں اسلامی نظریاتی کونسل کے لئے بھی وقت مقرر کیا گیا تھا کہ وہ سات سال کے اندر اپنا کام پورا کر کے سب کچھ پیش کر دے گی اور وہ دو سال میں پاس ہو جائینگے اور اس وقت زیادہ سے زیادہ دو سال کا وقفہ دیا گیا تھا ۔ اس صورت میں ۱۹۸۲ء تک سب کام مکمل ہو جانا تھا اگر مارشل لاء نہ آتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ مارشل لاء حکومت جو اسلام کے لئے بلند بانگ دعوے لیکر آئی تھی حقیقت میں یہ رکاوٹ بن گئی ہے ۔ جو چیز ۱۹۸۲ء میں مکمل ہو جانی تھی حکومت اُسے ۱۹۹۰ء تک موٴخر کر رہی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سات سال کے دوران جو دستوری ترامیم کی گئی ہیں مارشل لاء کے دوران جو کچھ ہوا ہے ان کے کہنے سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ وہ دستوری ترامیم اسلام کے نظام کو موٴخر کرانے کے لئے کی گئی ہیں ۔ یہ جو کچھ ہے ۔ اسکا ختم کرنا ، اُن رکاوٹوں کو دور کرنا ، اُنکا سدِباب کرنا یہ بھی

حکومت کی ذمہ داری ہے اور یہ بھی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس طرح کی ترامیم کو پاس کر دے۔

پھر میں وزیر انصاف صاحب سے یہ بھی گزارش کرونگا کہ انہوں نے اپنے غلط قوانین جن کے بارے میں انہوں نے کہا کہ اس کا شجرہ نسب غلط ہے۔ ان کا اصل کمزور ہے۔ آپ نے خود کہا تھا کہ غلط شجرہ نسب سے اپنی مشکلات کو دور کرنے کے لئے انہوں نے اس ہاؤس سے پاس کروایا اور اس پر انہوں نے ہمارا بار بار شکریہ ادا کیا اور کہا کہ بس ہم سے اگر غلطی بھی ہوئی ہے تو آپ اس میں ایک چھوٹ دے دیں۔ آپ نے بھی انکی مدد کی ہے جبکہ تمام ہاؤس پر یہ واضح ہو گیا تھا کہ آپ یہ قانون غلط لیکر آئے ہیں۔ ان سے بڑی فاش قسم کی غلطیاں ہوئی ہیں۔ ان کو آپ نے بھی معاف کیا لیکن میں سمجھتا ہوں (مداخلت)

میں یہ عرض کرونگا کہ یہ پرائیویٹ ممبرز کا day ہے۔ ہم صرف ایک بل لائے ہیں۔ یہ ہماری نہیں بلکہ پوری قوم کی آرزو اور تمنا ہے اور اس کو آپ مؤخر نہ کریں۔ اس کو پاس کر دیں۔ اس پر ہمارے وقار کا دارومدار ہے۔ ہم جو وعدے لیکر اس ہاؤس میں آئے ہیں ہم انہی کی تکمیل کے لئے آئے ہیں۔ ہمارا اور کوئی مقصد نہیں ہے ہم یہاں نہ تنخواہ کے لئے آئے ہیں نہ الاؤنسز کے لئے آئے ہیں اور نہ ہم ان شاندار ہالوں میں بیٹھنے کیلئے آئے ہیں ہم اس لئے آئے ہیں کہ یہاں پر کچھ اصلاح کر سکیں۔ لوگوں کی تمناؤں اور آرزوؤں پر پورا اتر سکیں۔ میں آپ سے گزارش کرونگا کہ آپ اس بل کو مؤخر نہ کریں اس سے پوری قوم میں مایوسی پھیلے گی۔

<u>جناب چیئرمین</u>: آپ کا شکریہ۔ جہاں تک آپ کے ارشاد کا تعلق ہے میرے خیال میں آپ نے محترم وزیر صاحب کے ارشادات کی صحیح ترجمانی نہیں کی لیکن میں اس بحث کو اور طول نہیں دینا چاہتا۔ نہ وزیر صاحب خلاف ہیں اور نہ یہ میرے ہاتھ میں ہے کہ اسکو مؤخر کیا جائے یا پہلے لایا جائے۔ یہ سوال ہاؤس کے سامنے ہے۔ ہاؤس نے فیصلہ دینا ہے۔ محترم قاضی صاحب

[Mr. Chairman]

نے یہ درخواست کی ہے کہ اس کو اجازت دی جائے کہ یہ بل introduce کیا جائے صرف اتنا ہی معاملہ ہاؤس کے سامنے ہے۔ اس پر وزیر محترم نے کہا کہ جہاں تک بل کا تعلق ہے۔ مجھے کوئی اس سے اختلاف نہیں صرف وہ ایک آئینی مشکل بتانا چاہتے تھے۔ کہ یہ راستے میں حائل ہو گی اور اس کے متعلق انہوں نے ایک تجویز بھی پیش کی تھی تو اس پر قاضی عبداللطیف صاحب فرمائیں کہ جو محترم وزیر صاحب کی تجویز ہے اس سے انہیں اتفاق ہے یا وہ کچھ اور کہنا چاہتے ہیں۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا! ہمارے معزز وزیر محترم نے جو کچھ فرمایا میرے خیال میں انہوں نے کوئی نئی بات نہیں کہی اور وہی چیز جو ہم ۳۷ برس سے کہہ رہے ہیں یا اعلانات کر رہے ہیں اسی کا اعادہ انہوں نے فرمایا ہے۔

اور اسی کے ازالے کیلئے میں نے یہ بل پیش کیا تھا۔ میں تو یہی کہہ رہا ہوں کہ

ہے مملکت ہند اک طرفہ تماشا
اسلام ہے محبوس مسلمان ہے آزاد

اگر وہ یہ کہتے ہیں۔ مے گویم مسلمانم بلرزم
کہ دانم مشکلات لا الہ را

تو یہ بھی تو اقبالؒ ہی کا ارشاد تھا۔ آزاد ہونے کے باوجود بھی ہمارے سامنے یہ جو رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں اور ہمیں یہ کہا جا رہا ہے کہ اس قانون کی رُو سے یہ بل یہاں پیش نہیں ہو سکتا اس کا مقصد یہی ہے۔ ہم یہی تو رونا رو رہے ہیں کہ ہمارے سامنے یہ رکاوٹیں کیوں کھڑی کی جا رہی ہیں۔ ان کو رفع کرنے کے طریقے کار کیا ہیں۔

میں یہ گزارش کر رہا ہوں کہ قانون سازی کے متعلق دو چیزوں کے متعلق کہا تھا۔ اس بل کے اندر جو اور چیزیں آ گئی ہیں ہمارے وزیر محترم نے ان کا جواب تو دیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ہمیں اپنی سابقہ تاریخ، اجماع اور اسی طریقے سے ہمارے مجتہدین محدثین، مفسرین کے جو اقوال ہیں، اور انہوں نے جو

اصول مرتب کئے ہیں ان تک پہنچنے کے لئے ہمارے سامنے جو رکاوٹیں کھڑی کر دی گئی ہیں اور قانون کے لحاظ سے یا آئین کے لحاظ سے، یہ وزیر قانون ہیں یا وزیر عدل ہیں، ہمیں یہ عدل دیا جائے کہ ہم اُن رکاوٹوں کو کیسے دُور کر سکتے ہیں میں پوچھتا ہوں کہ اس کو ان ویرانوں سے کب نکالو گے میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ بازاروں سے وہ (اسلام) غائب ہے۔ ہمارے معاملات سے ہماری عدالتوں سے وہ غائب ہے، مجھے راستہ بتایا جائے کہ اُس کا طریقہ کار کیا ہے اُس کو کیسے لایا جائے گا؟

۳۷ سال سے ہم قوم سے یہ وعدے کر رہے ہیں اور اگر میں کہوں کہ یہ وعدے نہیں بلکہ ہم دھوکہ دے رہے ہیں، خُدا کو، قوم کو اور اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ قدم قدم پر ہمارے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کی جاتی ہیں۔ یہ قانون اور آئین کے خلاف ہے یہ کس نے بنایا ہے کیا ہم نے اس کے سامنے رکاوٹیں کھڑی کی ہیں۔ ہمیں ٹالا جاتا ہے کہ اس قانون کے تحت آپ اس کو یہاں نہیں لا سکتے، آپ اس قوم کو آزاد کریں۔ میں کہتا ہوں کہ آپ نے چترال کا قانون ختم کر کے وہاں پر یہ تعزیرات جاری کرا دی ہیں۔ آپ نے سوات کا قانون، قلات کا قانون ختم کر کے یہ تعزیرات جاری کر دی ہیں۔ لیکن میں پوچھتا ہوں کہ بلوچستان، قلات کے اندر یہ قانون جاری تھے۔ وہاں پر تو آپ کو کوئی دقت پیش نہیں آئی، اور میں پوچھتا ہوں کہ آخر اس کا راستہ کیا ہے کہ اس قدر گہرائیوں سے اس طریقہ سے اس کو نکال کر سامنے لائیں۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم نے سب کچھ کیا ہے، اگر سب کچھ کیا ہے تو یہ ہاؤس بتلا دے کہ آپ نے کیا کچھ کیا ہے؟

آپ نے بنکوں کے اندر دس کاؤنٹر کھولے ہیں۔ ان میں سے ایک میں غیر سودی کاروبار ہو گا کھول دیا ہے اور نو سودی کاروبار کے لئے۔ آپ

[Qazi Abdul Latif]

اندازہ لگائیے یہ آپ اسلام لا رہے ہیں ؟ کیا اسلام کو لانے کے لئے طریقہ کار یہی ہے ، قاضی کورٹس کا مسودہ آپکے پاس پہنچا ہے رڈیڑھ لاکھ روپے اس پر خرچ ہوئے ہیں لیکن اسے قانونی شکل نہیں دی گئی میں پوچھتا ہوں کہ اسکے اندر کیا مشکلات تھیں ۔ قصاص و دیت کا قانون آپ کے سامنے آتا ہے لاکھوں روپے اس پر خرچ ہوئے ہیں لیکن آپ نے اُسے بھی ملتوی کر دیا ہے آپ قانون کے خلاف ہونے کا سہارا لیکر یہ کہتے ہیں کہ یہاں پیش نہیں ہو سکتا ۔ میں کہتا ہوں اگر اسلام قانون کے خلاف ہے تو اُسے چھوڑ دو اور کھلم کھلا کہہ دو کہ ہم اسلام نہیں لا سکتے ۔ یہ دستوری اسلام تو یہاں برس ہا برس سے جاری ہے ، یہ ہمیں معلوم ہے ۔

۳۷ سال سے ہم کہہ رہے ہیں کہ ہم اسلام لا رہے ہیں ، اسلام لا رہے ہیں ، اسلام لا رہے ہیں ، اب ہمیں بتلایا جائے کہ کس طرف جائیں وہ راستہ ہمیں بتائیے ۔ وہ قانونی رکاوٹ جو ہے ہمیں بتائیے ۔ میں کہتا ہوں کہ مجتہدین کے اجتہاد کی جو ہزاروں کتابیں ہمارے سامنے موجود ہیں ، ایک علمی ذخیرہ آپ کے سامنے موجود ہے ، آپ کے دشمن اس سے استفادہ کرتے ہیں لیکن آپ اس سے شرماتے ہیں ۔ آپ کہتے ہیں کہ اگر فقہ حنفی کا نام لیتے ہیں تو دنیا کیا کہے گی ۔ آپ کہتے ہیں کہ فقہ حنفی کا نام لیتے ہیں تو بہت سے فقے موجود ہیں میں کہتا ہوں کہ شافعی فقہ کے کتنے لوگ یہاں موجود ہیں حنبلی فقہ کے کتنے لوگ یہاں موجود ہیں ۔ یہ بہانہ ہے یہ لنگڑا بہانہ ہے ۔

اس کا مقصد یہ ہے کہ خدانخواستہ ، خدانخواستہ گویا ہم خود ہی اس پر ایمان نہیں رکھتے ۔ ہمیں جرأت کرنی چاہئے کہ جو کچھ قوم سے کہنا ہے وہی کریں ایسی بات نہیں کرنی چاہئے کہ دستور کے اندر تو ہم یہ لے آئے ہیں آپ مجھے دستور کے حوالہ جات دیتے رہیں ۔ میں پوچھتا ہوں قانون سازی کے لئے کل آپکے وزیر خزانہ صاحب نے جو بل پیش کئے ہیں خورشید صاحب نے اس کی خامیاں بتلائی ہیں وہ تشریعی نقطہ نگاہ سے بتلائی ہیں لیکن پھر کہہ دیا گیا کہ اگر آپ اس وقت اس بجٹ

کے اندر پڑیں گے تو طریقۂ کار لمبا ہو جائیگا۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس طریقہ کار کو ہٹانے کا طریقہ کار کیا ہے۔ میں وزیر عدل سے، اس وقت سے جب سے اس کا نام وزیر عدل رکھا گیا ہے، میں گذارش کروں گا کہ آپ عدل کا لحاظ کرتے ہوئے (عربی) آپ یوں نہ کیجئے کہ چونکہ یہ بل پیش ہو رہا ہے ایک مولوی کی جانب سے لہذا اس لئے اس کی ہر صورت میں مخالفت کرنا ہے۔ مجھے راستہ بتائیے۔ عدالت کی رو سے آپ مجھے راستہ بتلائیے۔ اس وزارت کا نام جو بنایا گیا ہے۔ اس کا نام وزارت عدل رکھا گیا ہے۔ انصاف رکھا گیا ہے اور آپ کہتے ہیں کہ ہم جلد سے جلد اسلام لانا چاہتے ہیں۔ جلد سے جلد کا معنی کیا ہے۔ مجھے یہ بتایا جائے۔ ہم نے دعویٰ کیا تھا کہ سستا اور جلد انصاف ہم لا رہے ہیں اور اس کے لئے پھر ہم نے چند علاقہ جات کو متعین کر دیا تھا کہ ہم فلاں فلاں میں لائیں گے۔ میں اس بات کو ماننے کے لئے کبھی تیار نہیں ہوں کہ معاشرہ اس کے لئے تیار نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ آپ خود کہہ دیجئے کہ ہم اس کے لئے تیار نہیں ہیں۔ جرأت سے کام لو۔ معاشرہ اس کے لئے تیار ہے۔ جب اس کے ہاتھ باندھ دیئے ہیں، اس کے پاؤں باندھ دیئے ہیں اور پھر کہا جاتا ہے کہ آئیے آپ ہمارے ساتھ دوڑیے۔

دس کاؤنٹروں میں سے آپ ایک کاؤنٹر کھولتے ہیں غیر سودی نظام کے لئے آپ نے وعدہ کیا تھا کہ یکم جولائی سے ہمارا سارا نظام غیر سودی ہوگا۔ آج ہمیں وعدہ دیا جا رہا ہے کہ اس کے لئے ہم تاریخیں مقرر کر رہے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ وہ وقت کب آئے گا کہ جب آپ اس کے لئے قانون سازی کریں گے۔ اگر آپ یہ کرتے ہیں کہ وہی لوگ کریں گے جن کو اسلام کی ابجد کا بھی پتہ نہیں ہے۔

ع ندیدی کسے سلیمان را
چہ شناسی زبان مرغ را

آپ نے کبھی سلیمان کو دیکھا ہی نہیں ہے۔ آپ عربی کی ابجد کو نہیں جانتے

[Qazi Abdul Latif]

پھر کہتے ہیں کہ ملائیت یہاں نہیں ہوگی۔ ملاں کو طعنہ دیا جا رہا ہے۔ میں کہتا ہوں ملائیت ہے کیا؟ اس کا نام بتلاؤ۔ میں ترجمانی کر رہا ہوں اسلام کی۔ کیا اس کا نام ملائیت ہے؟

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آج کوئی ایسی بات نہیں ہوگی۔

قاضی عبداللطیف: اگر میں نے کوئی غلطی کی ہے اور غیر متعلقہ بات کی ہے تو اس کے لئے میں معافی چاہوں گا۔ لیکن خدا کے لئے مجھے راستہ بتلایا جائے۔ وہ وزیر عدل ہیں۔ ہمیں یہ بتلایا جائے کہ وہ اسلام کو لائیں گے کیسے؟ اگر آپ اسے ان لوگوں کے حوالے کر رہے ہیں جنہوں نے آج تک اسے تختہ مشق بنائے رکھا ہے، تو مجھے یقین ہے کہ وہ اسلام نہیں لائیں گے اور ہمیں بھی ڈبوئیں گے اور خود بھی ڈوبیں گے۔ آپ کی سرحد پر کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے نظریات لے کر آ رہا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ میں وزیر انصاف سے چند ایک سوالات پوچھنا چاہتا ہوں۔ اتنے سال اس معاملہ پر انتظار کرنے کے بعد اس معاملہ میں کچھ سوشنز کا دخل ضروری تھا۔ لیکن ہمیں ٹھنڈے دل سے اس تمام معاملے پر غور کرنا چاہیے۔ میں وزیر انصاف کی ترجمانی ہرگز نہیں کر رہا لیکن وہ بل کی مخالفت ہرگز نہیں کر رہے تھے۔ جیسا کہ آپ فرما رہے ہیں کہ ہمیں راستہ بتایا جائے۔ وہ ایک راستہ تجویز کر رہے تھے۔ لیکن اس پر بحث سے قبل میں وزیر انصاف سے چند ایک سوال پوچھنا چاہوں گا کہ یہ واقعی رکاوٹ ہے، جیسا کہ انہوں نے بتایا ہے کہ یہ آئین کے راستے میں رکاوٹ ہوگی۔ اگر اس کا جواب وزیر صاحب دیں تو شکر گزار ہوں گا۔ یہ جو ۲۰۳ B کا حوالہ دیا گیا ہے، اس میں کہا گیا ہے کہ چونکہ یہ قانون کی تعریف میں ہے کہ دس سال تک fiscal laws اس میں نہیں آ سکتے۔ میں اس کی طرف توجہ دلاؤں گا۔

Firstly, the provision of this Chapter shall have effect notwithstanding anything contained in the Constitution. This is 203(a). Then it says that in this Chapter unless there is anything repugnant in the subject or context,–

(c) "law" means what the honourable Minister read out which means that the law has been defined for the purposes of this Chapter only and it is very clear further that there shall be a Federal Shariat Court constituted in accordance with 203c for the purposes of this Chapter, a Court to be called the Federal Shariat Court and then it goes on to say that what would be the qualifications of the Judges of the Shariat Court and what are the type of matters which they are going to deal with. It is in this context, for the purposes of references or for the purposes of consideration of the Shariat Court that the law has been defined. But this is not a general provision of the Constitution which forbids the introduction of any other law which would be in conflict with the definition of law given here. Because this definition is only specific for the purposes of the Shariat Act. So, from that point of view, would you still consider that the Bill moved by the honourable Member would be against the provisions of the Constitution. If that is not the position, then I think, the whole thing falls in place and we would be on the right path either to grant leave or to refuse leave to the honourable Member to introduce the Bill.

جناب اقبال احمد خان : شکریہ جناب والا! میرا کہنا یہ ہے کہ اس بل کے اندر جو تجاویز دی گئی ہیں وہ آئینی پروویژن میں موجود ہیں یا اس سے conflict کرتی ہیں اور ان کا اثر اس وقت تک مؤثر نہیں ہو سکتا جب تک آئین میں ترمیم نہ کی جائے۔

Mr. Chairman: Sorry to interrupt you but I think this is something which requires further consideration. If there is something which is in conflict with the provisions of the Constitution, then you have to bring out other than the provision of 203 .... (interruption).

جناب اقبال احمد خان : میں نے جناب یہی عرض کیا تھا۔ کہ اس مقصد کو حل کرنے کے لیے میں نے جو ڈیفر کرنے کی پرپوزل دی ہے وہ یہ ہے کہ ہم بیٹھ جائیں۔ اس کو دیکھیں اگر یہ قانون conflict کرتا ہے تو پھر سوچیں۔ آئین میں ترمیم کی جائے اور اس کا طریقہ کار وضع کیا جائے۔ مثال کے طور پر اس میں جو کلاز ۲ ہے یہ بنیادی ہے اس میں آئینی پروویژن آنی چاہیے۔ یہ اس قانون کے ذریعے سے نہیں آسکتی Shariah means the particular way of life. یہ طے کیا ہوا ہے اور آئین میں بار بار شریعت کا ذکر ہے۔ اب شریعت کی ایک تعریف کرنا ہے کہ شریعت ہے کیا۔ جب تک آئین میں اس کی تعریف نہ کی جائے گی اس کی تو آئین پر نہیں آئے گی۔

Mr. Chairman: I don't think, this is necessary.

جناب اقبال احمد خان : یہ ۲۰۳ بی (سی) نے جن قوانین کو شریعت کورٹ کے دائرہ کار سے ایکسکلوڈ کیا ہے شریعت کورٹ کا دائرہ کار ہے کیا؟ وہ یہ ہے کہ شریعت کورٹ کو ریفر کیا جائے کہ کوئی قانون قرآن و سنت کے مطابق ہے یا نہیں ہے وہ اس پر فیصلہ دے گی اور ان قوانین کو انہوں نے مستثنیٰ قرار دے دیا ہے۔ اس قانون کے پاس ہونے کے بعد وہ استثنا کی کلاز ختم ہو جاتی ہے۔ اس لیے کہ اس کے متعلق انہوں نے تمام قوانین کے متعلق کہہ دیا ہے کہ تمام عدالتیں اس پر عمل کریں گی۔ اب آئین نے قوانین کو کورٹوں کے دائرہ کار سے باہر رکھ دیا ہے۔ اس قانون میں کہا گیا ہے کہ تمام کورٹیں اس پر عمل کریں گی۔

This would be a conflict between the provision of the Constitution and this law.

Mr. Chairman: The provisions of the Constitution in their application to the functioning and the constitution of the Shariat Court..... (interruption).

Mr. Chairman: Right. But if somebody wants to bring a law then Shariat should be enforced in a particular matter. When it comes to that stage whether the Shariat Court can interfere in that law or not, the Shariat Court would be bound by this provision unless it is changed. When there is no bar to the law being introduced and whatever the deficiency in the law, I think, according to the rules, it will have to be referred to the Standing Committee .... Interruption......

جناب اقبال احمد خان: درست فرماتے ہیں۔ جب یہ بل ایڈمٹ ہو جاتا ہے تب سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جائے گا۔ میرا یہ کہنا ہے کہ

It amounts to the amendment of the Constitution.

اس لیے اس conflict کو بچانے کے لیے اس کو ڈیفر کیا جائے۔ مہینے بیس دن کے بعد دوبارہ سینیٹ کا اجلاس ہونے والا ہے۔ اس وقت تک ہم اس کو ریزالو کر لیں گے۔ میں نے یہ کہا ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ شریعت مکمل طور پر نافذ ہو۔ جیسا کہ قاضی لطیف صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کا طریقہ کیا ہے، تو میں نے طریقہ کے لیے ہی عرض کیا ہے کہ اگر اس کو ہم دیکھیں کہ آئین میں ترمیم ہی ضروری ہے، تو اس کے ذریعے سے ترمیم کی جائے۔ اس کا اہتمام کیا جائے۔ اور اگر آئین میں ترمیم کیے بغیر کام چل سکتا ہے تو وہ کیا جائے اور اگر اس کو ایگزامن کر کے دیکھا جائے کہ اس کی بیشتر پروویژنز پہلے سے انفورس ہیں اب ان پر عمل نہیں ہو رہا۔ اس کے ضمن میں میں نے عرض کیا تھا کہ معاشرتی برائیاں ہیں۔ پروویژن تو موجود ہے۔ مثلاً انہوں نے کہا ہے۔

All suits shall be decided in accordance with the Shariah. It is seen that whichever law is against the Sharia, shall be void and it shall be challengeable in the Federal Shariat Court. Execution on it shall stand suspended till the final decision is made in the Federal Shariat Court, that is already there. It is challengeable in the Court.

Mr. Chairman: But when this is examined in the Standing Committee, will this not be pointed out to the honourable Member that this is against the Constitution ?

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, we will be setting a wrong example by admitting a Bill which is in conflict with the Constitution. And then it will become an example and in future also such situations will arise. So, if we examine it. . . . . (Interruptions)

Mr. Chairman: I think, on the first day, we cannot expect a private member to be so familiar with the Constitution and its implications that he can bring a perfectly drafted law before the House. The law will have to be re-drafted in the Committee.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: That is why I have said that let us discuss it till next . . . . (Interruption).

Mr. Chairman: That is acceptable to the honourable Member. I asked him first but it created only a heated discussion. That point was not considered.

جناب قاضی صاحب! وزیر موصوف فرماتے ہیں کہ انہوں نے تجویز پیش کی ہے کہ آئندہ سینٹ کے اجلاس میں، جو کہ بیس دن یا ایک مہینے کے بعد بلایا جائے گا پیش کرنے سے قبل اگر آپس میں بیٹھ کر اور ان کی نظر میں آئینی لحاظ سے جو اس کی قانونی مشکلات ہیں پر غور کر لیا جائے باقی جو آپ نے فرمایا وہ صحیح ہے۔ وہ بھی اس میں دیر نہیں کرانا چاہتے، لیکن ان مشکلات کو جس کا آپ خود بھی حل چاہتے ہیں۔ ان کو دور کرنے کے لئے وہ یہ فرماتے ہیں کہ آپس میں بیٹھ کر فیصلہ کر کے آئندہ پندرہ، بیس دنوں کے بعد اس کو دوسری شکل میں یا جو مناسب شکل ہو جو آئین سے متصادم نہ ہو پیش کیا جائے۔ اگر یہ آپ کو منظور ہے تو پھر اور بحث نہیں ہو گی اور اگر نہیں تو پھر اس پر فیصلہ دینا پڑے گا ہاؤس سے رخصت طلب کرنی پڑے گی اور پھر کمیٹی کے سامنے جا کر اس کو ٹھیک ٹھاک کرانا ہو گا، جس طریقے سے ہو سکے۔

قاضی عبداللطیف : جناب وزیر قانون نے بار بار یہ فرمایا ہے اور دستور کا حوالہ دیا ہے ، قرآن اور سنت کا حوالہ دیا اور اس کے اندر عدالتوں سے متعلقہ دو دفعات پیش کرتے ہیں جن کے متعلق میں نے کہا ہے کہ اس کو عدالتوں سے بالاتر سمجھا جائے ۔ لیکن میں گزارش کرتا ہوں کہ میں نے ان کے اندر یہ بتلایا ہے جو "ج" ہے اجماع امت اب یہ صورت ہے کہ قرآن اور سنت کی جو تفسیر ہو گی اس کے لئے کوئی طریق کار متعین کرنا ہو گا میں اس بل کے ذریعے سے اس کا طریقہ کار متعین کرانا چاہتا ہوں ۔ اب یہ ہاؤس کی مرضی ہے کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کرتے ہیں یا ہاؤس کی مرضی ہے کہ اس بل کو دوسری مرتبہ لایا جائے یہ ہاؤس ہی بتلا سکتا ہے ۔ بہر حال میری تو گزارش یہ ہے کہ ہمیں کوئی راستہ بتلایا جائے ۔ وزیر قانون سے میں پھر دوبارہ مودبانہ گزارش کروں گا کہ خدا کے لئے اب ۲۷ سال سے ہم اس کا انتظار کرتے رہے ہیں ۔ اب ہاؤس ہی بتلائے کہ اگر کمیٹی کے حوالے کرنا ہے تب بھی ٹھیک ہے ۔ میرا مقصد یہ نہیں ہے کہ اس پر لازماً اس وقت ہی بحث کی جائے کمیٹی کے حوالے کرتے ہیں تب بھی ٹھیک ہے ہاؤس ہی یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ اس کو آئندہ ہم مستقبل کے اجلاس میں لائیں گے تو مجھے اس پر بھی اعتراض نہیں ہو گا لیکن میرے خیال میں ہاؤس سے دریافت کیا جائے ۔

جناب چیئرمین : وہ جو فرماتے ہیں اس کی وجہ بھی میرے خیال میں آپ سن لیجئے کہ یہ کمیٹی کو تو رولز کے مطابق جانا ہو گا اور کمیٹی ہی ان واقعات کا اور ان قوانین کا مکمل جائزہ لے کر ان کو صحیح صورت میں ایوان کے سامنے لا سکتی ہے ۔ لیکن ان کا فرمانا یہ ہے کہ چونکہ ان کے نقطہ نظر سے اس بل میں کچھ ایسی دفعات شامل ہیں جو کہ آئین سے متصادم ہیں ان کو دور کرنے کے لئے اور یہ غلط روایت نہ ڈالنے کے لئے کہ اگر کوئی بل ظاہراً ان کی رائے میں آئین کے خلاف بھی ہے اس کو ہاؤس اجازت دے دیتا ہے اس کے لئے وہ تجویز کر رہے تھے کہ کمیٹی سٹیج سے پہلے وہ آپس میں آپ کے ساتھ بیٹھ کر اور یہ جو سقم ان کے نقطہ نظر سے ہیں وہ نکالے جائیں ۔ پھر بیس دن یا مہینے کے بعد یہ دوبارہ آ سکتا ہے ۔ سوال تو یہ ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب والا! میں اسی مسئلے کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور آپ کے توسط سے وزیر عدل اور ایوان کے سامنے چند بڑی بنیادی باتیں رکھنا چاہتا ہوں اور مجھے توقع ہے کہ آپ اس پر ٹھنڈے دل سے غور کریں گے پہلی چیز یہ ہے کہ محترم وزیر عدل نے دستور کی جن دفعات کا سہارا لیا ہے اگر ہم ان کو اسی طرح مان لیں جس طرح انہوں نے کہا ہے تو میری ناچیز رائے میں اس کے معانی یہ ہوئے کہ یہ ایوان اور پھر نیشنل اسمبلی یعنی پوری پارلیمنٹ اپنے اختیارات سے abdicate کرتی ہے۔ میں بطور دلیل کے یہ مان لیتا ہوں کہ جو بل آیا ہے یہ دستور سے متصادم ہے۔ لیکن قانون میں متصادم کے دو معنی ہوتے ہیں۔ اس کا ایک معنی یہ ہے کہ دستور میں اس وقت جو چیز بیان کی گئی ہے۔ اس سے ہٹ کر کوئی بات پیش کی جا رہی ہے دوسرا یہ ہے کہ دستور نے کسی کام کو کرنے سے روک دیا ہے اور ہم اس رکاوٹ کو violate کر رہے ہیں۔ یہ دونوں ایک ہی بات ہوئی بلا شبہ اس بل میں ایسی باتیں ہیں جو دستور میں کہی ہوئی بات سے مختلف ہیں۔ لیکن اگر ہم اس دلیل کو مان لیں تو اس کے معانی یہ ہیں کہ یہ ایوان آئندہ کبھی کوئی آئینی ترمیم نہیں لا سکتا۔ یہ Constitutional amendment by definition نام ہی اس بات کا ہے کہ جو بات دستور میں ہے۔ ہم اس کو بدلوانا چاہتے ہیں۔ یہ ہمارا حق ہے اور محض اس بات پر کہ یہ بات دستور کے خلاف ہے ہمیں اس سے روکا نہیں جا سکتا اس لئے کہ ہم دستور کو بدل سکتے ہیں۔ دستور کے تحت، البتہ اگر دستور میں کوئی ایسی پابندی ہے کہ اس پابندی کی بناء پر فلاں چیز نہیں لائی جا سکتی تو اس کا سہارا آپ ضرور لیں۔

آپ نے پہلے جو دفعات بیان کی ہیں۔ وہ دراصل directive principles ہیں وہ اس معنی میں آپریٹو کلازز ہیں ہی نہیں۔ اس کے بعد جو آرٹیکل ۲۰۳ کا سہارا لیا ہے وہ صرف شریعت کورٹ کے ساتھ متعین ہے۔ اس ہاؤس یا قومی اسمبلی کو وہ پابند نہیں کرتی وہ صرف شریعت کو پابند کرتی ہے تو اس کو یہاں invoke کرنا غیر متعلقہ ہے۔ اس کے بعد جو چیز رہ جاتی ہے وہ صرف اسلامک

پروویژن ہے اور یہ بل اس سے متصادم نہیں۔ اس لئے یہ بات کہنا کہ یہ آئین سے متصادم ہے یہ امر واقعہ نہیں ہے اور اگر ہم اس اصول کو مان لیں تو پھر سینٹ اور قومی اسمبلی کے دستور سازی کے اختیارات ہمیشہ کیلئے مجروح ہو جائیں گے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں یہ روایت قائم نہیں کرنی چاہیئے۔

دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بل کوئی معمولی بل نہیں ہے اسے آپ عام قوانین یا تجاویز یا قراردادوں کی طرح نہ لیں۔ جیسا کہ مجھ سے پہلے میرے ساتھیوں نے کہا کہ اصل میں یہ پوری قوم کے دل کی آواز ہے۔ یہ اس ملک کے قیام کا مقصد ہے اور اگر اس معاملے میں ہم نے technicalities کا سہارا لیا تو نہ صرف یہ کہ ہم قوم کو مایوس کریں گے، بلکہ ہم اللہ تعالیٰ کی ناراضگی بھی مول لیں گے۔ میں پورے ادب کے ساتھ اور دل سوزی کے ساتھ ایک بات اور بھی کہنا چاہتا ہوں کہ اس کی بنا پر ساری دنیا میں ہم پاکستان کی بدنامی کا باعث ہوں گے، اس لئے کہ محض یہ بات کہ شریعت کا بل پاکستان کی سینٹ میں آیا اور ٹیکنیکل بنیادوں پر اسے قبول نہ کیا گیا۔ باہر کا پریس یہ بات نہیں کہے گا کہ اس کو ٹیکنیکل بنیادوں پر قبول نہیں کیا گیا۔ وہ یہی کہیں گے کہ سینٹ نے اس بل کو ایڈمٹ کرنے سے انکار کر دیا اور پاکستان کا منہ کالا کرنے کے مترادف ہوگا خدارا اس کو ٹیکنیکل بنیادوں پر نہ لیجیئے۔ اس کے لئے آپ وہ راستہ اختیار کیجیئے۔ جو اصول، ہمارے ایمان اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہی اور قوم کی امیدوں کے مطابق ہے۔ بلکہ پوری امت مسلمہ کے مطابق ہے۔ اور میں اس کا راستہ بتاتا ہوں، اس کا راستہ یہ ہے کہ آپ technicalities کا سہارا لئے بغیر اس بل کو منظور کر لیجیئے۔ لیکن اس پر بحث کو اگلے اجلاس تک موخر کر دیجیئے۔ یا دوسرا راستہ یہ ہے کہ آپ ایک کمیٹی بنا دیجیئے سلیکٹ کمیٹی، سٹینڈنگ کمیٹی چونکہ موجود نہیں ہے، اس کا سہارا نہ لیجیئے۔ سلیکٹ کمیٹی بنا دیجیئے وہ پھر اس پر غور کر کے اگلے اجلاس میں اس کو لے آئے۔ یہ بات کہ اس بل کو ایڈمٹ نہ کیا جائے، میں اس کی پرزور مخالفت کرتا ہوں۔ میں اس کو قواعد کے خلاف بھی سمجھتا ہوں اور اس سلسلے

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہیں جو میرے محترم وزیر عدل نے دلائل دیئے ہیں، حقیقت میں وہ دلائل بڑے بودے ہیں۔ اگر ان کا سہارا لے کر ہم نے ایک ایسے اہم بل کو روکا تو پھر اپنے اس ملک کے ساتھ، قوم کے ساتھ اور ملت اسلامیہ کے ساتھ بے انصافی ہو گی۔

میر نبی بخش زہری: جناب چیئرمین! آپ کی اجازت سے عرض کرتا ہوں کہ مجھ میں یہ خامی ہے کہ میں عالم دین نہیں ہوں۔ مذہب کے متعلق علمائے کرام ہی اپنا نقطہ نظر زیادہ بہتر طور پر پیش کر سکتے ہیں۔ مگر مسلمان کی حیثیت سے میں جو عقیدہ رکھتا ہوں اس کے مطابق میں اس مسئلے پر اظہار خیال کروں گا۔ عرض یہ ہے کہ ہمارے محترم قاضی صاحب نے اور علمائے کرام نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور ہمارے وزیر انصاف یا وزیر قانون صاحب نے جنہوں نے اپنی طرف سے تشریح کی، جناب کی خدمت میں میں یہ عرض کرتا ہوں کہ میں اتفاق کرتا ہوں کہ یہ عام مسئلہ نہیں ہے اور یہ ایک نیا مسئلہ نہیں ہے بلکہ چودہ سو سال پہلے کا ہمارا مذہبی مسئلہ ہے۔ بحیثیت مسلمان ہم اللہ تعالیٰ اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتے ہیں۔ یہ ۳۷ سال یا ۳۸ سال جو گزرے ہیں ہر وقت واقعی آئین میں یہی لکھتے ہیں کہ دس سال میں ہم اس کو پورا کر دیں گے۔ غالباً اب بھی شاید کچھ ایسے مسائل ہیں۔ جیسا کہ وزیر قانون نے کہا کہ اس میں اور کچھ شامل نہیں ہیں جس سے تصادم ہوتا ہے۔

اب سینیٹ اور نیشنل اسمبلی کے ہاؤسز کا مسئلہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم قانون سازی سے اس کو امنڈ کر سکتے ہیں۔ جس کے متعلق صدر مملکت نے کہہ دیا ہے ہاؤسز کو اختیار ہے وہ چاہیں تو امنڈ کر سکتے ہیں۔ چونکہ ایک مذہبی مسئلہ ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ علمائے کرام متفق ہوں اور وہ ایک راستہ معین کر کے آپس میں تصادم نہ کریں جس سے یہ تاخیر ہو، چونکہ یہ ایک مذہبی مسئلہ ہے۔ میں چاہتا ہوں جتنا جلدی اس مسئلے کا فیصلہ ہو جائے بہتر ہے چونکہ یہ قرآن وسنت کا سوال ہے اور ایک مسلمان کی حیثیت سے ہم سرخرو ہونا چاہتے ہیں، اور بطور مسلمان یقیناً اس کا حق رکھتے ہیں۔ تو میں تجویز کرتا

ہوں کہ سٹینڈنگ کمیٹی یا سیلیکٹ کمیٹی میں جن ممبران کو آپ تجویز کرتے ہیں ان میں علمائے کرام ضرور ہونے چاہئیں تاکہ وہ دینی راہبری کر سکیں۔ اس چیز کو ہمیں التواء میں نہیں ڈالنا چاہیئے۔ بلکہ یہی فیصلہ ہو کہ وہ سلیکٹ کمیٹی یا سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جائے۔ تاکہ قانونی طریقے سے اس کی امنڈمنٹ ہو، اور میں اتفاق کرتا ہوں کہ یہ قانونی مسئلہ ہے اس کو درست کیا جائے۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ، میرے خیال میں بحث کو طول دینے کی بجائے اس مسئلہ کا کچھ فیصلہ ہی کرتے ہیں۔ میں چند ایک گزارشات آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔۔۔ (مداخلت)

Mr. Iqbal Ahmad Khan: One word if you permit me Sir,

ایک تو میں افسوس کا اظہار کروں گا کہ کچھ معزز اراکین نے میرے بیان کو misinterpret کرنے کی کوشش کی ہے، اور یہ دکھانے کی کوشش کی ہے کہ شائد میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں میں نے اس کی وضاحت کر دی ہے۔

جناب اقبال احمد خان: میں ریکارڈ کو درست کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے صرف آئینی مجبوری کی بنا پر یہ تجویز دی ہے۔ ورنہ substance میں کسی مسلمان کو اختلاف نہیں، یہ اختلاف ہو سکتا ہے کہ میں کہتا ہوں یہ چیز پہلے سے موجود ہے۔ وہ کہتے ہیں نہیں ہے۔ یہ چیزیں sort out ہو سکتی ہیں۔ اس لئے یہ misinterpret نہیں کرنا چاہیئے۔ اور آئین کی جو مجبوری میں نے بیان کی ہے۔ فیصلہ دینے سے پہلے اس پر تھوڑا سا غور ضرور فرما لیجیئے۔ یہ اسی بل کی کلاز ۵ کا آرٹیکل ہے۔

"The jurisdiction, admissibility and decision on a case by the Federal Shariat Court shall be final on all other types of cases without exception.

اب یہ ہے آئین کی پروونژن جس پر غور فرمائیں ۔

All the restrictions imposed through Interim Constitutional Order (Constitution Amendment), 1985 upon which the jurisdiction of the Federal Court shall be lifted atonce.

سو جناب یہ conflict ہے جس کو دور کرنے کے لئے میں نے تجویز دی ہے کہ آپ دیکھتے ہیں کہ ان مقاصد کو ہم قانون سے حل کر سکتے ہیں یا آئین سے ۔ آئین سے حل کرنا ہے تو اس کا دوسرا طریقہ ہے ۔ پروفیسر خورشید صاحب جن کے علم و فضل کا اور ان کا میں بہت احترام کرتا ہوں ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ ہمارے اختیار پر قدغن ہے قدغن قطعی نہیں ہے آرٹیکل ۲۳۹ کے تحت جب بھی چاہیں اس طریقے کے تحت آپ آئین میں ترمیم کر سکتے ہیں ۔ اس لئے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہمارے اختیارات نہیں ہیں ۔ صرف یہ ہے کہ کوئی قانون آئین سے متحارب نہیں بن سکتا اور اگر کہیں یہ محسوس کرتے ہیں کہ اصلی مقاصد حاصل کرتے میں آئین سد راہ ہے تو پھر آرٹیکل ۲۳۹ کے تحت آئین میں ترمیم کی جا سکتی ہے ۔ ہمارے اختیارات کہیں بھی محدود نہیں ہیں ۔ ایسا نہیں سوچنا چاہیے ۔ یہ جناب آئینی بات ہے اس پر آپ رولنگ دے دیں مجھے اعتراض نہیں ہے ۔ میں نے تو صرف آئین کی وجہ سے کہا ہے ورنہ substance سے مجھے اتفاق ہے کہ پاکستان میں جلد شریعت کا نفاذ ہونی چاہیئے ۔

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں ۔ اگر وزیر انصاف اس سے اتفاق کریں تو میں یہ تجویز کروں گا کہ اس کو ایڈ فٹ کرکے اس کی کلاز بائی کلاز ریڈنگ اور تمام چیزوں ۔۔۔ (مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں ۔ جو وزیر انصاف صاحب نے ارشاد فرمایا تھا اس کا میں نے خود انہیں کاونٹر کو ٹیکچن پڑھ کیا تھا کہ جو پروویژن وہ آئین کے quote کرتے ہیں ، وہ صرف شریعت کورٹ کے لئے محدود تھے ۔ وہ آئین اور شریعت کورٹ کے اپریشن کے متعلق ہیں ۔ میرے خیال میں وہ ایسے بل کے introduce کرنے کے راستے میں حائل نہیں ہو سکتے ۔ اب بل میں یہ ضرور ہے کہ شریعت کورٹ

کی jurisdiction کو وسیع کیا جائے۔ یا اس پر جو قدغن لگی ہوئی ہے اس کو ہٹا یا جائے۔ یہ بات بھی صحیح ہے اور وزیر انصاف صاحب نے جو کلاز ۵ کا حوالہ دیا اس میں یہی چاہتے ہیں۔

اب اس میں ہمارے سامنے دو مشکلات ہیں۔ اگر آپ واقعی شریعت کے نقطہ نظر سے دیکھیں، تو جہاں تک میرا علم ہے اور بہت ہی قلیل علم ہے قاضی صاحب کا فیصلہ فائنل ہوتا تھا۔ یہ اپیل اور اپیل کے خلاف اپیل۔ یہ قصے بعد میں شروع ہوئے ہیں۔ جو قاضی القضاۃ کا فیصلہ ہوتا تھا۔ that was the last word جب تک قاضی صاحب خود اس کو نہیں بدل دیتے تھے۔ اگر واقعی شریعت کو introduce کرنا ہے تو کچھ پروویژن اس طریقے پر کرتے پڑیں گے۔ دوسری طرف ہم نے ایک نہیں کئی اپیلوں کے لئے گنجائش رکھی ہوئی ہے۔ شریعت کورٹ کی حد تک جو پروویژن آئین میں ہیں اس سے کچھ تصادم بھی ہوتا ہے۔ میری تجویز یہ تھی باقی فیصلہ آپ صاحبان نے کرنا ہے۔ اگر آپ قاضی صاحب کو اجازت دیں کہ وہ بل کو introduce کریں تو اس میں دو طرح کے مسئلے سامنے آئیں گے۔ ایک تو یہ ہے کہ قانون کے طور پر اس میں کیا خامیاں ہیں۔ دوسرا یہ ہے کہ ان خامیوں کو دور کرنے کے لئے آئین میں بھی کوئی امنڈمنٹ ہو سکتی ہے یا نہیں جہاں تک آئینی ترامیم کا تعلق ہے آرٹیکل ۲۳۹ اس پر بہت واضح ہے۔

Article 239.–A Bill to amend the Constitution may originate in either House and, when the Bill has been passed by the votes of not less than two-thirds of the total membership of the House, it shall be transmitted to the other House.

اگر کمیٹی سٹیج پر کمیٹی یہ فیصلہ کرتی ہے کہ اس میں بعض جو سقم ہیں ان کو دور کر کے بھی کچھ پروویژن اس بل کے ایسے ہوں گے جو آئین کے ساتھ متصادم ہوں گے تو وہی کمیٹی آئینی بل بھی لا سکتی ہے۔ in parallel with the amendment in this law آئین میں بھی یہ ترامیم کی جائیں۔

[Mr. Chairman]

مسئلہ صرف اتنا ہے یہ segregate علیحدہ کرنے پڑیں گے - کہ قانون میں کیا improvement ہو سکتی ہے - اور اگر اس قانون کی وجہ سے آئین میں کوئی امنڈمنٹ چاہیئے - تو اس کے لئے کیا صورت ہو سکتی ہے - اور وہ کمیٹی دونوں مسئلوں کو الگ کرکے ایک کی بجائے اس بل کو دو جگہ تقسیم کر سکتی ہے - ایک آئینی ترمیم کے فارم میں اور دوسرا improvement of the law itself کے فارم میں، یہی میرے خیال میں ایک practical solution ہے - جہاں تک اس کے اصول کا تعلق ہے، جہاں تک اس کے مقصد کا تعلق ہے despite the very heated discussion or emotions اس کی مقصدیت میں کوئی فرق نہیں، بعض اوقات ہم جوش خطابت میں بھی بہہ جاتے ہیں - اور بہہ بھی گئے - سب کا اس پر اتفاق ہے - طریقہ کار نکالنا ہے کہ کس طرح we proceed further about it اور اس میں یہی ہے کہ ہاؤس پہلے قاضی صاحب کو اجازت دے - کہ وہ بل introduce کریں - بل introduce ہو کر خود بخود کمیٹی کو ریفر ہو جائے گا - کمیٹی کو بانی پروویژن کے علاوہ یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ قانون میں خود کیا اصلاح کی جائے اور قانون کی اگر کوئی ایسی شقیں ہیں، جیسی فی الحال ہیں - وہ آئین کے خلاف ہرگز نہیں، صرف شریعت کورٹ کے اپریشن سے تصادم رکھتا ہے - تو کس طریقے سے ان پروویژن کو by a bill علیحدہ طور پر امنڈ کیا جائے میرے خیال میں یہی ایک طریقہ ہے جس سے اس کا ایک قابل قبول اور practical حل تلاش کیا جا سکتا ہے - لیکن فیصلہ آپ صاحبان پر ہے

In that case I will put the question formally.

قاضی عبداللطیف : ٹھیک ہے جناب والا یہ طریقہ کار ٹھیک ہے -

مولانا سمیع الحق : میں اس میں صرف اتنا اضافہ کروں گا - کہ جو بھی طریقہ کار وضع ہو، کمیٹی ہو، یا جو بھی آپس میں مفاہمت ہو جائے، اگلے سینیٹ کے اجلاس سے پہلے پہلے وہ سلسلہ مکمل ہو جائے - اور اجلاس شروع ہوتے ہی یہ چیز آ جائے -

Mr. Chairman: The question is :

> "That leave be granted to Qazi Abdul Latif and Maulana Sami-ul-Haq to introduce the Enforcement of Sharia Bill."

(The Motion was carried)

Mr. Chairman: Qazi Sahib has the leave of the House to introduce the Bill.

قاضی صاحب آپ کو اجازت ہے کہ آپ ہاؤس میں بل **introduce** کریں۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا! میں یہ قانون نفاذ شریعت کا بل اس ہاؤس کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ آپ حضرات اس پر قواعد کے مطابق کارروائی فرمائیں گے۔

Mr. Chairman: The Bill stands introduced in the House and automatically it is referred to the Standing Committing dealing with labour welfares. And the Standing Committee, I hope, would take the discussion into consideration that has taken place in this House and the proposals which have been made by the Chair also how to deal with some of the difficulties to which the honourable Law Minister has referred.

قاضی عبداللطیف : جناب والا! ایک گزارش ہے کہ مجھے اس وقت تک یہ معلوم نہیں ہے کہ ہم اس کمیٹی میں ہیں یا نہیں ہیں۔ اگرچہ میں نے اپنا نام اسی کمیٹی میں دیا تھا۔

مولانا سمیع الحق: ہم دونوں اس میں انشاء اللہ شامل ہوں گے۔ یہ قانون کا تقاضہ ہے بغیر انتخاب کے ہم دونوں محرک اس میں شامل ہیں۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں سٹینڈنگ کمیٹیز کی حد تک کچھ مشکلات ہیں اگر اس کے لئے منتخبہ کمیٹی ہو جائے تو وہ شائید زیادہ بہتر رہے گا۔ سیلیکٹ کمیٹی میں علماء حضرات بھی ہوں گے، قانون دان بھی ہوں گے باقی جنرل اور حضرات جن کو دلچسپی ہے وہ بھی شامل ہو جائیں گے۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Point of Order, Sir. That motion is not before the House. He has introduced, and that is all. Thereafter,

when that motion comes for consideration either to refer to a Select Committee or Standing Committee but the only motion before the House is to introduce it Sir.

Mr. Chairman: But under the Rules when the motion is introduced, the Bill is introduced automatically. But what we thought was that instead of Standing Committee considering the importance of the subject and some of the legal difficulties, perhaps, a Select Committee would do better justice. It will go automatically to the Standing Committee.

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین صاحب! صرف اتنی وضاحت چاہتا ہوں کہ اس کمیٹی کا کوئی وقت آپ نے مقرر کرنا ہے، کیونکہ کل آپ نے ایک اہم ترین کمیٹی بنائی تھی، سیاسی کمیٹی۔ (مداخلت)

Mr. Chairman: Standing Committees have to report back within a month if no time limit is fixed.

مولانا سمیع الحق: تو جو جھگڑا چل رہا تھا کہ یہ کام موخر نہ ہو۔ ہم چاہتے ہیں کہ وہ کام جلد تکمیل تک پہنچ جائے۔ اگر سٹینڈنگ کمیٹیوں کو محدود نہ کیا گیا۔ مارشل لاء کی کمیٹی کے بارے میں آپ نے ایک ماہ کی تحدید فرمائی تھی . . . .

جناب چیئرمین: جہاں تک سٹینڈنگ کمیٹیز کا تعلق ہے، ہاؤس نے وزیر اعظم صاحب کو پہلے کی اجازت دی ہے اور غالباً لاء منسٹر صاحب ممکن ہے اس پوزیشن میں ہوں کہ آج اس کا اعلان کریں۔ لیکن اگر نہیں ہیں تو میں خود بھی وزیر اعظم صاحب سے آپ کی طرف سے درخواست کروں گا کہ ان کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ یہ معاملات ان کو ریفر کئے جا سکیں۔

Has any decision been taken with regard to the Standing Committees?

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! گروپنگ کی لسٹ مجھے ابھی ملی ہے۔ انشاءاللہ ایک دو روز میں اس کا اعلان کر دیں گے اور چونکہ یہاں یہ فیصلہ ہوا ہے کہ یہ بل سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کر دیا ہے اور اس سٹینڈنگ کمیٹی نے اگلے سیشن سے پہلے رپورٹ دینی ہے۔ تو اس انسٹرکشن کے تحت انشاءاللہ

سٹینڈنگ کمیٹی اتنے وقت میں بنا دی جائے گی کہ وہ اپنا کام مکمل کر کے رپورٹ دے سکے ۔

جناب چیئرمین : اور وہ رپورٹ آئندہ سیشن میں آ جائے گی ؟

جناب اقبال احمد خان : جی انشاءاللہ آ جائے گی ۔ ایک اور کمیٹی بنائی گئی ہے اگر آپ کی اجازت ہو تو اسے میں ہاؤس کے سامنے پیش کر دوں ۔

جناب چیئرمین : مزید بزنس لینے سے پہلے میرا خیال ہے کہ آپ اسے پیش کر ہی دیں ۔

SELECT COMMITTEE TO EXAMINE THE REPORT ON THE BANKING TRIBUNAL ORDINANCE 1984

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir I beg to move :

"That the following Select Committee be set up to examine the report on the Banking Tribunal Ordinance 1984 to be called the Banking Tribunal Amendment Bill :–

1. Dr. Mahbubul Haq (Chairman)
2. Prof. Khurshid Ahmed
3. Mr. Ahmed Mian Soomro
4. Shaikh Ejaz Ahmad
5. Malik Muhammad Ali Khan
6. Syed Abbas Shah
7. Malik Haji Faridullah Khan
8. Mr. Ghulam Faruque
9. Brig. Hayat Muhammad
10. Syed Faseih Iqbal
11. Nawabzada Sheikh Umer Khan
12. Minister for Justice and Parliamentary Affairs (*Ex Officio* Member of this Committee).

The quorum of the meeting shall be four.

Mr. Chairman: Motion moved. The question is :

"That the following Select Committee be set up to

[Mr. Chairman]

examine the report on the Banking Tribunal Ordinance 1984 to be called the Banking Tribunal Amendment Bill :–

1. Dr. Mahbubul Haq (Chairman)
2. Prof. Khurshid Ahmed
3. Mr. Ahmed Mian Soomro
4. Shaikh Ejaz Ahmad
5. Malik Muhammad Ali Khan
6. Syed Abbas Shah
7. Malik Haji Faridullah Khan
8. Mr. Ghulam Faruque
9. Brig. Hayat Muhammad
10. Syed Faseih Iqbal
11. Nawabzada Sheikh Umer Khan
12. Minister for Justice and Parliamentary Affairs (*Ex Officio* Member of this Committee).

The quorum of the meeting shall be four.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The next item on the Agenda is Resolutions. The first one stands in the name of Prof. Khurshid Ahmed.

جناب شاد محمد خان: پوائنٹ آف آرڈر! جناب والا! میں گزارش کروں گا کہ تینوں ریزولیوشنز، خورشید احمد صاحب، جوگیزئی صاحب اور میرا اکٹھے لئے جائیں کیونکہ ان تینوں کا مطلب ایک ہی اور اس سے ہاؤس کا وقت ضائع نہیں ہوگا۔

جناب چیئرمین: مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اگر ہاؤس کی یہ منشاء ہے تو اکٹھے بھی لئے جا سکتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: تھوڑے سے مختلف ہیں۔

جناب چیئرمین: اس میں کوئی شک نہیں کہ ان میں تھوڑا سا اختلاف ہے لیکن تینوں کا مقصد ایک ہی ہے پہلے تو خورشید صاحب آپ اپنا ریزولیوشن موو کریں۔

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

Mr. Chairman: Just one minute. I think one difficulty might be then that we have to have the exact wording of the resolution to which the House agrees. It would require re-drafting of the resolution, the best thing is to deal with....... (Interruption)

Mr. Shad Muhammad Khan: In that connection I will request here, Sir.

وہ کہہ رہے ہیں کہ نظریاتی کونسل کی سفارشات پیش کی جائیں اور میرے ریزولیوشن میں ہے کہ ان پر عملدرآمد کیا جائے۔ وہی چیز ہے کوئی فرق نہیں ہے۔ میں عملدرآمد کی استدعا کرتا ہوں اور وہ رپورٹ ٹیبل کرنے کو کہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: ریزولیوشن کی ورڈنگ ڈیفرنٹ ہوگی۔ اس پر بحث اکٹھی ہو سکتی ہے اور ریزولیوشن الگ الگ موو کر دیں۔

سید عباس شاہ: پوائنٹ آف آرڈر! اس آرڈر میں میرا ریزولیوشن نمبر ۲ پر ہے۔ اگر اتنے معزز اراکین کو اجازت دی گئی ان ریزولیوشنز پر اکٹھی بحث کرنے کو تو اس سے میری حق تلفی ہوگی۔

جناب چیئرمین: حق تلفی تو کسی کی نہیں ہوگی۔ اب یہ ہاؤس نے فیصلہ کرنا ہے کہ تینوں ریزولیوشنوں کو جو نفاذ شریعت سے تعلق رکھتے ہیں ان کو زیادہ اہمیت دینا ہے یا بنکوں کے ہیڈ کوارٹرز کے بدلنے کو۔

جناب اقبال احمد خان: میں معزز رکن کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ جو ریزولیوشن نمبر ۲ ہے، ایجنڈے کی آئیٹم نمبر ۶ اس کے متعلق ہاؤس سے باہر ہم نے درخواست کی تھی کہ یہ ایک سیاسی نوعیت کا مسئلہ ہے اور اس سٹیج پر اس کو چلانا مناسب نہیں ہوگا۔ ابھی ہمیں اور بہت سی مشکلات ہیں۔ تو سارے ہاؤس کی طرف سے ہاؤس سے باہر محترم عباس شاہ صاحب کی خدمت میں درخواست کی گئی تھی کہ وہ ابھی اس کو موو نہ کریں اور وزیر خزانہ صاحب نے یقین دلایا تھا کہ اس مسئلے پر کسی دوسری جگہ غور وفکر ہو رہا ہے۔ میرا خیال تھا کہ انہوں نے ہماری اس استدعا کو قبول فرماتے ہوئے اسے واپس لے لیا ہوگا۔ تو میں درخواست کروں گا کہ وہ اس استدعا کی روشنی میں اپنے اس ریزولیوشن کو واپس لے لیں۔

Mr. Chairman: The best course in that case would be for him to move the resolution and postpone it then to the next motion.

جناب اقبال احمد خان: وہ تو مسئلہ دوسرا ہے اور پھر جناب میرا اس پر بھی عذر ہے۔ ابھی رول میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں اگر specific سوا کہ ایک ریزولیوشن پیش کی جائے اور اس پر بحث مکمل کر کے فیصلہ کیا جائے اگر ٹائم بچے تو پھر دوسرا ریزولیوشن آتا ہے۔ یہ تو نہیں ہے کہ تینوں ریزولیوشن آج پیش کئے جائیں اور یہ آئندہ کے لئے ڈیفر رہے۔

جناب چیئرمین: "قانوناً" تو آپ صحیح فرماتے ہیں۔

جناب اقبال احمد خان: اس لئے جناب ایک موو کروایئے گا اور اس کے بعد فیصلہ کروائیں پھر دوسرا موو کروائیں۔

Mr. Javed Jabbar: Point of Order Sir, it is my submission that on a Private Member's day when one has already devoted over one hour I believe to the discussion of Bill that concerns the enforcement of the Shariat, it is somewhat unfair to the resolutions submitted by other members which deal with other subjects of equally vital concern to the country and to this House, whether it is the removal of Martial Law, the restoration of fundamental human rights yet here we have six resolutions out of which three deal with one subject more or less. It is my humble submission Sir, that perhaps in future we should give a fair wieghtage to the different priorities facing this country. There is no dispute on the enforcement of Shariat whereas there are fundamental differences on the state of political and democratic development in this country. So, Sir, I would feel that. . . . . (Interruption)

Mr. Chairman: You can only appeal to your colleagues to be brief on the various resolutions. I am bound by the rules. We have three resolutions practically dealing with one subject.

Mr. Javed Jabbar: May I ask of the fate of my six resolutions that dealt with these different subjects about Martial Law, fundamental human rights, freedom of expression, what is the fate of those resolutions ?

Mr. Chairman: They did not succeed. Jenab Prof. Khurshid Sahib. I think let us move them one by one, in that case.

RESOLUTION *RE*: GOVERNMENT TO LAY THE REPORTS OF THE COUNCIL OF ISLAMIC IDEOLOGY BEFORE THE HOUSE

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب والا! میں اس قرارداد کو اس معزز ایوان میں روشناس کرانے کی اجازت چاہتا ہوں اس ایوان کی رائے میں حکومت اسلامی نظریاتی کونسل کی عبوری یا حتمی رپورٹیں نیز ان پر کی جانے والی کارروائی کی تفصیل ایوان میں پیش کرے میں اس سلسلے میں کوئی لمبی چوڑی بات نہیں کرنا چاہتا ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ حکومت اس بات کو اچھی طرح محسوس کرے کہ اس دستور میں اسلامی دفعات اور اسلامی احکام کے نفاذ کے دو ہی طریقے ہمارے سامنے ہیں ۔ ایک طریقہ یہ ہے کہ اسلامک آئیڈیالوجی کونسل تجاویز پیش کرے ، تراجم پیش کرے ، رہنمائی دے ، ذرائع و وسائل کی نشاندھی کرے اور ان کے مطابق قانون سازی ہو ۔ یا پالیسی سازی ہو ۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ حکومت یا کوئی عام شہری یا شرعی عدالت خود اپنے ایما پر کسی مسئلے کا ، جو قانونی نوعیت کا ہو جائزہ لے اور اس بارے میں اپنی تجاویز پیش کرے ۔ دستور نے دراصل یہ دو بہت اہم میکانزم قائم کئے ہیں ۔ اور انہیں میکانزم کے ذریعے سے ہم اسلامی نظام کے قیام کے بارے میں کوئی موثر کارروائی کر سکتے ہیں ۔

اسلام کے بلند بانگ دعوؤں سے صرف نظر کرتے ہوئے حقیقت یہ ہے کہ دستور کی دفعہ ۲۲۸ اے کے تحت ایک اسلامک آئیڈیالوجی کونسل ہونی چاہیئے اور دستور اتنا اہم سمجھتا ہے کہ جس وقت یہ دستور مرتب ہوا ہے ، خود دستور میں یہ بات کہی گئی کہ اس چیپٹر کے نفاذ کے بعد نوے دن کے اندر اندر اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کا قیام دستوری طور پر ضروری ہے ۔ خود اس حکومت نے بھی ، جبکہ مارشل لاء نافذ تھا اور ۱۹۷۳ء کا دستور پوری طرح نافذ نہیں تھا اور اس بات کی کوشش کی جا رہی تھی کہ اس سے جتنا قریب رہ کر کے نظام حکومت کو چلایا جائے ۔ اسلامک آئیڈیالوجی

[Prof. Khurshid Ahmed]

کونسل کا قیام ضروری سمجھا اور مارشل لاء کے چند ماہ کے اندر ہی نئی اسلامک آئیڈیالوجی کونسل قائم کی گئی۔ اس وقت میرے علم کے مطابق مئی ۱۹۸۴ء سے اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کام نہیں کر رہی اور خود اس ریوائیول آف آرڈیننس کے آجانے کے بعد بھی ۱۱۴ دن گزر چکے ہیں لیکن ابھی تک اسلامک آئیڈیالوجی کونسل وجود میں نہیں آئی یہ سرد مہری کیوں ہے جبکہ ہم جانتے ہیں کہ سینیٹ اور نیشنل اسمبلی کے لئے ضروری ہے کہ انہیں اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کی رہنمائی حاصل ہے اور جس معاملے کو بھی یہاں سے ان کو ریفر کیا جائے یا صدر مملکت ریفر کریں پندرہ دن کے اندر اندر جو بھی رہنمائی ہو اسے ان ایوانوں کو یا ان افراد کو فراہم کر دینی چاہیئے۔ اس ادارے کا وجود میں نہ لانا ایک ایسی کوتاہی ہے، جس کی کوئی وضاحت نہیں کی جا سکتی۔

دوسری چیز میں آپ کی توجہ دستور کی دفعہ ۲۳۰ کی طرف مبذول کرواؤں گا جس میں اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کے اغراض و مقاصد اور طریق کار متعین کئے گئے ہیں۔ اور یہ بنیادی طور پر چار ہیں۔

پہلا یہ ہے کہ یہ کونسل پارلیمنٹ کو یا صوبائی اسمبلیوں کو اس معاملے میں سفارشات پیش کرے کہ ملک میں اسلامی نظام زندگی کو قائم کیا جائے۔ یہ کافی وسیع چیز ہے محض معاملہ قانون کا نہیں بلکہ عقائد کی ترویج کے لئے ایمان کی احیا کے لئے عبادات کے فروغ کے لئے اخلاق کے فروغ کے لئے سماجی اصلاح کے لئے، معیشت کی اصلاح کے لئے، ہم اسلامک آئیڈیالوجی کونسل سے رہنمائی لے سکتے ہیں۔

دوسرا دائرہ یہ ہے کہ یہ ایوان، نیشنل اسمبلی، پراونشل اسمبلیز، صدر یا گورنر خود کوئی سوال ان کو بھیجے اور اس کے بارے میں وہ جواب فراہم کرے تیسری اس کی ذمہ داری یہ ہے کہ

To make recommendations as to the measures for bringing existing laws into conformity with the Injunctions of Islam and the stages by which such measures should be brought into effect; and

اور نیچے اگر آپ اسی دفعہ کے حصے ۴ کا مطالعہ فرمائیں تو اس کی مزید وضاحت ہوتی ہے۔

"The Islamic Council shall submit its final report within seven years of its appointment, and then shall submit an annual interim report. The report, whether interim or final, shall be laid for discussion before both Houses and each Provincial Assembly within six months of its receipt and Majlis-Shoora (Parliament) and the Assembly, after considering the report, shall enact laws in respect thereof within a period of two years of the final report.

مارشل لاء کے ہوتے ہوئے بھی تقریباً ساڑھے سات سال تک اسلامک آئیڈیالوجی کا وجود قائم رہا اور وہ معلومات جو اس سے پہلے علماء کنونشن میں اس اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کے صدر صاحب نے فراہم کی تھیں، اگر ہم ان کو مانیں تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے عقائد و عبادات کی اصلاح، معاشرے کی اصلاح، تعلیم کی اصلاح، حکومت کے انتظامی نظام کی اصلاح، اس کے بعد پھر قوانین کی اصلاح جس میں وہ کہتے ہیں کہ ۲۳۵ قوانین پر اس وقت تک وہ specific recommendations گورنمنٹ کو بھیج چکے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ ایک طرف ہم اعلان کرتے ہیں کہ ہم تیزی کے ساتھ اسلامی نظام قائم کرنا چاہتے ہیں اور دوسری طرف عالم یہ ہے کہ اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کی رکمنڈیشنز پینڈنگ فائل کی نظر میں ہو جاتی ہیں۔ دیمک ان کو کھا رہی ہے یہ ایوان وجود میں آ چکا ہے، نیشنل اسمبلی وجود میں آ چکی ہے۔ لیکن ابھی تک ان کو formally اس ایوان کے سامنے پیش نہیں کیا گیا میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اس معاملے میں بری طرح ناکام رہی ہے یہ ہاؤس حکومت سے اس معاملے پر احتساب کرتا ہے اور اس بات کا مطالبہ کرتا ہے کہ اگلے سیشن سے پہلے پہلے اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کی تمام رپورٹیں انٹرم ہوں یا فائنل اس ایوان کے سامنے، فطری طور پر نیشنل اسمبلی کے سامنے پیش کی جائیں تاکہ ان پر سیر حاصل بحث ہو سکے اور ان کی روشنی میں قانون سازی اور پالیسی سازی دونوں کام انجام دیئے جا سکیں۔ یہ میری درخواست ہے۔

Mr. Chairman: The resolution moved is that the Government may lay the reports whether interim or final of the Council of Islamic Ideology before this House together with the detail of the action taken thereon. Is the resolution opposed ?

Dr. Mahbubul Haq: Now, Sir, we shall be glad to lay the reports of the Council of Islamic Ideology alongwith the action taken on it before the House.

Mr. Chairman: Then I can put the question straight away. I think the question is :

"That the resolution moved by Prof. Khursheed Ahmad may be passed".

(The resolution was passed)

Syed Abbas Shah: I seek the permission of the House to move the resolution :

"This House is of the opinion that the Head offices of the nationalized banks and all other financial institutions should be shifted to Islamabad immediately".

Mr. Chairman: There is an amendment in the resolution moved by Mr. Fazal Agha, would he kindly move his amendment. I think he is not present today. An amendment to the resolution can be moved under the rules. But the honourable Member being not here I think it lapses.

Then, would you like to say something on the resolution ?

سید عباس شاہ : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین صاحب! میں اپنی اس تحریک کے حق میں بولنے کی اجازت مانگتا ہوں ۔ اس سے پہلے کہ اس تحریک کے حق میں بولوں ، جناب وزیر انصاف وقانون نے کچھ ایسے واقعات کا ذکر کیا کہ میں اس قرارداد کو پیش نہیں کروں گا میرے خیال میں ایسی کوئی بات نہیں ہوئی ۔ یہ وزیراعظم کے

ساتھ بھی بات discuss ہوئی اور اس کے بعد انہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ صاحب کے ساتھ بیٹھ کر آپ لوگ اس کے متعلق کچھ ایسے اصول طے کر لیں تاکہ اس سے ملک میں کوئی ایسا مسئلہ نہ بن جائے جس سے کسی علاقے کے احساسات مجروح ہوں لیکن گزشتہ تین دنوں سے میں وزیر خزانہ کے ساتھ ملاقات کرنے کی کوشش کر رہا ہوں ان کی مصروفیات کی وجہ سے مجھے یہ موقع نہ ملا تو اس وقت میں اپنی تحریک اس ایوان میں پیش کرنا چاہتا ہوں تاکہ جو مسئلہ وزیر خزانہ صاحب کے سامنے ہے اور جو بات انہوں نے کرنی ہے وہ اس ایوان کے سامنے کریں اور میرے ساتھ کچھ ایسا وعدہ کریں اور ٹائم فکس کریں۔ تاکہ ہم اس پر بحث کر سکیں اگر اجازت ہو تو میں اس کے حق میں بولوں یا وزیر خزانہ صاحب کچھ بیان دینا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: شاہ صاحب جو وضاحت آپ کرنا چاہتے ہیں بے شک کر لیں لیکن بہت ہی مختصر وقت کا خیال رکھیں۔

Mr. Hasan A. Shaikh: You may place the resolution.

Mr. Chairman: Let him speak on it then we.......

(Interruption)

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, first of all he should place the resolution before the House, then he can speak.

Dr. Mahbubul Haq: It might help Sir, if I just make a little clarification and ....

(Interruption)

Mr. Chairman: No, there is a technical point involved. Are you opposing the resolution ?

Dr. Mahbubul Haq: Sir, I am technically, opposing the resolution to shift the Headquarters, but I have an explanation to satisfy the Members. Would you like to do it now or at the later stage.

Mr. Chairman: No, a little later as I think.

The resolution before the House is :

"This House is of the opinion that the Head offices of the nationalized banks and all other financial institutions should be shifted to Islamabad immediately."

Mr. Chairman: Is it opposed ?

Dr. Mahbubul Haq: It is opposed Sir, but if you give me a few minutes to explain myself.

Mr. Chairman: Let him speak first.

سید عباس شاہ: میں اس ہاؤس سے اجازت مانگتا ہوں کہ اپنی تحریک کے حق میں اپنے دلائل پیش کروں ۔

اسلام آباد مملکت پاکستان کا دارالخلافہ ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ کچھ ادارے قوم اور ملک کے مفاد میں اسلام آباد میں قائم کئے گئے ہیں یا حکومت کے سرکاری دفاتر کے ہیڈ آفسز اسلام آباد میں قائم کئے گئے ہیں جب سے اسلام آباد دارالخلافہ بنا ہے یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ بنکس کے ہیڈ آفس اسلام آباد میں shift ہونگے میں اس مسئلے کو اس نوعیت سے بھی نہیں لے رہا ہوں کہ کراچی کے کچھ حقوق کم کروں یا ان کے مالی مسائل یا مالی مشکلات میں کوئی اضافہ کروں میں اس مسئلے کو اسی بناء پر لے رہا ہوں کہ ہمارے پاکستان کے باقی ماندہ علاقے جس میں سندھ، پنجاب، صوبہ سرحد اور بلوچستان ایک اکانومک ڈسپیریٹی محسوس کر رہے ہیں جس کی وجہ سے ملک میں زبردست قسم کی بے چینی پھیلی ہوئی ہے ہماری صنعتی ترقی جو کہ ان مالی اداروں کے ذریعے ترقی کرتی ہے اس میں پچھلے ۱۵، بیس سال سے بہت ڈسپیریٹی پیدا ہو گئی ہے

میں کراچی اور اس کے شہریوں کی قدر کرتا ہوں ان کے جذبات کو ٹھیس نہیں پہنچانا چاہتا ہوں۔ لیکن کچھ حقائق سامنے لانے پڑتے ہیں۔ کراچی کو ہم یورپ کا ایک ترقی یافتہ شہر سمجھتے ہیں اور خود کو ہم افریقہ کے پسماندہ لوگ سمجھتے ہیں جو یہاں پر آباد ہیں یہ آواز ہمارے عوام کی ہے اور ہماری ذمہ داری ہے کہ اس کو آپ تک پہنچائیں آپ کو، سینیٹ کے ممبران کو اور حکومت کو اپنا نقطہ نظر پیش کر سکیں۔

پچھلے دنوں ۱۰ جون کو کئی معزز ممبر صاحبان نے بنکنگ یا بنکاری کے ادارے سے منسلک افسران ایگزیکٹو بورڈ کی تعداد جناب وزیر مالیات صاحب سے مانگی اور ان کا جواب یہی تھا کہ آپ لوگوں کے پاس competent personality available نہیں ہے کہ ان بنکنگ اداروں کو چلا سکیں یہ competency کب آئے گی؟ اگر ۳۷ سال میں آپ اس سے انکار نہیں کریں گے کہ ہمارے پاس پڑھے لکھے لوگ نہیں ہیں، پنجاب میں نہیں ہیں، سندھ میں نہیں، فرنٹیئر میں نہیں ہیں بلوچستان میں نہیں ہیں سندھ کے ان حصوں میں جو پسماندہ ہیں پڑھے لکھے لوگ نہیں ہیں۔ لیکن جو بیوروکریسی ان بنکوں پر قابض ہوئی ہے جس کو میں بنکنگ بیوروکریسی کہتا ہوں اس کی وجہ سے ہمیں اس سسٹم سے، اس بنکاری کے فن سے محروم کیا گیا ہے اس علاقے کے لوگوں کو جو اس قابل ہیں کہ اس میں کام کر سکیں۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ بڑے بنک اس جگہ قائم ہوئے ہیں اور وہاں ہر چند لوگوں کی اجارہ داری قائم ہوتی ہے۔ ہم اپنے اس شہر کے لوگوں سے کراچی شہر کے لوگوں سے استدعا کرتے ہیں کہ یہ ایک ایسا موقع ہے کہ انہوں نے جو point لینے تھے۔ وہ لے چکے ہیں اور اس سے آئندہ بھی مستفید ہو سکتے ہیں کیونکہ انہوں نے complete job gain کر لیا ہے۔ وہ اس قابل ہیں کہ نیا بنک کھول سکیں جیسا کہ حکومت کی پالیسی ہے۔ لیکن ہم اس قابل نہیں ہیں کہ یہاں پر نئے بنک کھول سکیں ہم ان اداروں کو جن کو Nationalized Banks کہتے ہیں ہم فنانشل انسٹیٹیوٹ کہتے ہیں جن میں Trained

[Syed Abbas Shah]

personnel موجود ہیں، جن میں ٹیکنیکل ہینڈ افراد موجود ہیں۔ ان کو بنکاری کا طریقہ کار آتا ہے جن کو investment کا طریقہ کار آتا ہے۔ ان کو ہم پاکستان کے اس حصے میں لانا چاہتے ہیں۔ جہاں پاکستان کی زیادہ آبادی اس سے مستفید ہو سکتی ہے میں اس کو کبھی بھی پشاور یا اپنے گاؤں بنوں نہیں لے جانا چاہتا ہوں میں اسے اسلام آباد میں لانا چاہتا ہوں۔ جہاں پر جس طرح پاکستان بننے کے وقت مسلمان قوم کی ڈسپیئرٹی کی وجہ سے مسلمانوں کے اس بڑے حصے نے قربانی دی کہ وہ اپنے ملک کو چھوڑ کر اپنے آباؤ اجداد کی قبریں چھوڑ کر اس پسماندہ علاقے میں آکر آباد ہوئے ہماری انہوں نے امداد کی، بے سروسامانی کی حالت میں آئے لیکن ان کے پاس ٹیکنیکل ہینڈ نالج تھا انہوں نے ہمیں مدد دی اور ہم نے انشاءاللہ ترقی حاصل کی۔

میں یہی استدعا کراچی کے لوگوں سے کروں گا کہ وہ اس بات پہ sensitive نہ ہوں کہ ہم کراچی سے ہیڈ آفیسز یہاں شفٹ کرنے کے لئے استدعا کر رہے ہیں اور ان کو یہاں تبدیل ہونے میں تکالیف ہوں گی۔ میں یقین سے کہتا ہوں کہ اسلام آباد کی آب و ہوا بڑی اچھی ہے اور یہاں پر آکر They will be much happy. ان سے جو چیز اور جو فوائد ہم حاصل کر سکیں گے وہ قوم کی ترقی کے لئے مشعل راہ ہوں گے اور یقیناً جو بے چینی اس وقت ہے اور طبقاتی اور صوبائیت کی آواز آرہی ہے مجھے یقین ہے کہ وہ کافی حد تک ختم ہو جائے گی اور ہمارے علاقے ترقی کریں گے۔

اس کے علاوہ کراچی میں اللہ کے فضل سے کافی صنعتیں قائم ہو چکی ہیں اور ہم یعنی سات کروڑ آبادی اس سے محروم ہے ہم ان کی مارکیٹ ہیں، ہم ان کے خریدار ہیں، وہ اپنی مشنری ہمیں فروخت کریں۔ ہمیں اپنی ٹیکنیکل ہدایات دیں اس کو فروخت کریں بجائے اس کے کہ ہم وہاں پر بیٹھیں رہیں۔ ہم بدنام ہوئے جا رہے ہیں کہ جی یہاں پر تو صرف سمگلنگ ہوتی ہے۔ ہمارے لئے صرف وہی راستہ کھلا ہے۔ ہم جاتے ہیں مزدوری کے لئے اور اگر یہی کچھ وہاں پر رہا اور دولت کا

یہی نظام قائم رہا ، تو قدرتی بات ہے ، بینکر کاروباری ہوتا ہے چاہے وہ سرکاری ہو یا پرائیویٹ ان کی دلچسپی تو ان لوگوں کے ساتھ ہوتی ہے ، جنہوں نے انویسٹمنٹ کی ہو جس کے بارے میں انہیں معلوم ہو کہ یہاں پر ان کا سرمایہ محفوظ ہوگا۔ یہاں پر انہوں نے رسک لینا ہے ۔ ہمیں آگے بڑھانا ہے ۔ ہمیں آگے کرنا ہے اس پاکستان کی ترقی کے لئے ہم یقیناً اپنے بھائیوں کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ ان کا بزنس بڑھے گا ، وہ ترقی کریں گے ۔ ہم ان کی ٹیکنیکل ہدایات استعمال کریں گے ۔ وہی مشینری جو کراچی میں بنے گی ہم اسے خریدیں گے اور اس پر اور ادارے قائم ہوں گے ۔

بنک ، کاروبار اور صنعت بلکہ ہر چیز کی ریڑھ کی ہڈی ہے ۔ میرے دوست جو کراچی میں رہتے ہیں ۔ وہ میری آواز یقیناً کراچی کے عوام تک پہنچاتے ہیں کوئی سستی نہیں کریں گے ۔ اس تجویز کو اس تحریک کو ، جس کو میں کہتا ہوں نیشنلائزڈ بنک کے ادارے اور مالیاتی اداروں کو یہاں پر ٹرانسفر کیا جائے ، اس کو وہ قبول فرمائیں گے ۔ میں آئندہ کے لئے ، اس نسل کے لئے ، اس علاقے کے لئے ایک بڑی آبادی کے لئے ، ایک ایسا طریقہ کار پیش کر رہا ہوں ، جو میرے خیال میں اس علاقے کو آباد اور کامیاب کر سکتا ہے اور امید ہے کہ میری اس بات پر کوئی مخالفت نہیں ہوگی ۔ ایک بات سننے میں آئی ہے کہ جناب وزیر خزانہ صاحب جو ایک نئی پالیسی ملک میں لانا چاہتے ہیں اور یقیناً ہم سب اس کی تائید کرتے ہیں لیکن وہ کچھ نئے بنکس لاہور پشاور اور بلوچستان میں قائم کرنا چاہتے ہیں میں اس تجویز کی اپنے تجربے کی بنا پر مخالفت کرتا ہوں کیونکہ جب ہمارے پاس ٹیکنیکل ہدایات ہی نہیں ہیں تو پشاور میں ہم بنک کیسے چلا سکیں گے ۔ کیونکہ نیشنلائزڈ بنک بڑے پاور فل ہو گئے ہیں اور ہر ٹریڈنگ کمپنی کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ مقابلے میں دوسرے کو ختم کرے ۔ اس سے پہلے بھی کوآپریٹو بنک ختم ہو گئے ہیں اس کی وجہ یہی ہے کہ طاقتور بنک یہاں موجود ہیں ۔ ہم استدعا کریں گے کہ ان بنکوں کے ہیڈ آفسز کراچی سے اسلام آباد لے آئیں ۔ لیکن اس سے میرا مقصد یہ نہیں ہے کہ کراچی کو کسی قسم کا نقصان ہو ، کراچی کے لوگ اللہ کے فضل سے

[Syed Abbas Shah]

Afford کر سکتے ہیں۔ ان کو طریقہ کار معلوم ہے کہ جن سے وہ ہیڈ آفسز تک پہنچ سکیں۔ لیکن ہمارے لئے مشکلات ہیں۔ ہمارے دل میں ڈر ہے۔ ہمیں طریقہ کار نہیں آتا۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ میری اس تحریک کو قبول فرمائیں گے۔

and I move this Resolution for ....

(Interruption)

Mr. Chairman: Just a minute. Mr. Hasan A. Shaikh: Do you want to speak on the resolution ?

Mr. Hasan A. Shaikh : Yes, Sir.

Mr. Chairman : Right I think, in that case, Nabi Bakhsh Zehri was the first to take the floor.

An honourable Member : Have you called Mr. Nabi Bakhsh Zehri?

میر نبی بخش زہری: جناب عزت مآب چیئرمین صاحب! یہ ریزولیوشن جو پیش ہوا ہے اس کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ یہ صرف کراچی سے متعلق ہے اور یہ بھی دلیل دی، ہمارے معزز سینیٹر نے کہ سندھ، بلوچستان، پنجاب اور صوبہ سرحد کو فائدہ پہنچے گا اگر ان اداروں کی کراچی سے اسلام آباد شفٹنگ ہو جائے مگر۔ ہمارے آنریبل رکن نے یہ نہیں دیکھا کہ یہ صرف کراچی کا مسئلہ نہیں ہے۔ میں آپ کے توسط سے بتانا چاہتا ہوں۔ میں پہلے بلوچستان کو لیتا ہوں اگر بلوچستان کا صوبہ مکران کے اس سرے سے جو ایران سے ملتا ہے اور چاغی کا بارڈر جو ایران سے ملتا ہے، وہاں سے یہاں اسلام آباد جب ہم آتے ہیں تو دو تین ہزار کلو میٹر کا سفر بن جاتا ہے اور اب اگر معزز رکن صوبہ سرحد میں ہیں

میرے خیال میں بلوچستان کی لمبائی تک بھی وہ سفر نہیں کر سکتے۔ بلکہ بہت قریب اور نزدیک ہیں۔ کراچی کے متعلق ہمیں تعصب اس لئے نہیں کرنا چاہیئے۔ کہ کراچی میں تمام صوبوں کے لوگ رہ رہے ہیں، بات یہ ہے کہ سندھ کا جہاں تک تعلق ہے سندھ کو بھی یہاں اسلام آباد آنا پڑے گا اور پنجاب کا وہ حصہ جو سندھ اور کراچی کے قریب ہے تو ان کو بھی یہاں آنا پڑے گا تو اب ایک set up موجود ہے میں نہیں جانتا کہ اس وقت اتنا ضروری ہو گیا ہے کہ ہم ان کی شفٹنگ کا ریزولیوشن پاس کریں۔ اس سے عوام میں ایک ہیجان پیدا ہو سکتا ہے اور یہ تاثر ملتا ہے کہ ہر چیز کو اسلام آباد ہی سمیٹنا چاہتا ہے۔

جیسا کہ ون یونٹ میں ہوا۔ ون یونٹ بنا۔ جناب والا اکہ ڈی سنٹرلائزڈ ہو جائے۔ تمام ڈویژنوں کو اختیارات مل جائیں پانچ سات سال کے بعد ان تمام کا ہیڈ کوارٹر لاہور بن گیا اس کے نتیجے میں لوگ ون یونٹ کے خلاف ہو گئے۔ اب ایک چیز آرام سے چل رہی ہے۔ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔ میں معزز اراکین سے، جناب کی وساطت سے عرض، کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہم جمہوری طریقے سے جو نمائندے یہاں آئے ہیں ان کے لئے مشکلات اور زیادہ ہیں، ہمیں چاہیے کہ پیچیدگی پیدا نہ کریں بلکہ ہمارے سامنے جو مزید مشکلات ہیں ان کو حل کرنے کی کوشش کریں اور جمہوریت کو لائیں اور مارشل لاء کے متعلق فیصلہ کریں۔ تو یہ ایک غیر معمولی مسئلہ ہوگا جو کہ ہمارے لئے قابل برداشت نہیں ہے اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: چونکہ اس پر کئی اصحاب اظہار فرما رہے ہیں اس لئے میرے خیال میں اگر وقت کم ہی لیا جائے تو بہتر ہوگا۔ جناب حسن اے شیخ صاحب؟

Mr. Hasan A. Shaikh: Thank you, Mr. Chairman. Sir, this is a very important issue and curtailing of time may not be in the interest of the issue itself.

Mr. Chairman: Under the rules you can take ten minutes and the Minister can give his reply in 30 minutes. This is what the rules say.

Mr. Hasan A. Shaikh: Mr. Chairman, Sir, it is a very unfortunate move, a very very unfortunate move for my learned friend to have proposed that the head offices of the nationalised banks and other institutions should be shifted to Islamabad which is still under the control of the Commissioner, Rawalpindi. Therefore, it is in Punjab.

Mr. Chairman: No, I do not think it is correct. That is not correct.

Mr. Hasan A. Shaikh: If there is a flood in Rawalpindi, the Chief Minister of Punjab alongwith the Commissioner visits the place.

An honourable Member: But not Islamabad.

Mr. Chairman: Please listen. Please listen.

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, the nationalised banks were not set up by the Government. They were set up by the private parties. The United Bank was set up by Saigal, a Punjabi gentleman. He preferred to set it up in Karachi, not in Lahore, although he belongs to Lahore. Therefore the question. . . . . (interruptions)

Mr. Hasan A. Shaikh: The Sarhad Bank was in Peshawar but the Sarhad Bank was amalgamated with the Australasia Bank and turned into Allied Bank. Therefore, the Sarhad Bank is really not of much consequence as far as the present nationalised banks are concerned. The present nationalised banks are the Allied Bank, the United Bank, the Habib Bank, the National Bank of Pakistan and the Muslim Commercial Bank. These are the five nationalised banks. But all these banks were not set up by the Central Government, except

the National Bank of Pakistan which was set up by the Central Government. They were set up by the private parties and these private parties considered that they should be set up in Karachi. Now, what happens, Mr. Chairman! When you set up a head office, you give employment to thousands of people. It was stated that we cannot go to 20-storeyed buildings but I hope in Islamabad also in a few years time there will be 20/25 storeyed buildings. To day, the head office of the Banks are housed and manned by the local Sindhis, Karachites and other people who are living in Karachi. Karachi is a mini-Pakistan: Karachi does not mean only people of one area – there are Punjabis in Karachi, there are Pathans in Karachi, there are Baluchis in Karachi and there are Sindhis in Karachi and there are refugees in Karachi. Therefore to move these head offices is to create economic problems for thousands of families, infact lacs of families and these nationalised banks, they are being housed there for the last so many years. People have so many problems; problems of education problems of housing etc. there are so many problems. Then Karachi is closer to Baluchistan, Karachi is even closer to Bahawalpur areas. Only if you bring it in Islamabad, it may be closer to the people in the Northern area and Punjab. So, what happens? You really take away the livelihood of the people of Sind, for the purpose which you do not mention, you do not say it but for the purpose of setting up into the area which is surrounded by Punjab. If you do not accept that word that Islamabad is in the Punjab, I say it is the area surrounded by the Punjab. What benefit you will get. You create a new atmosphere which is not today prevalent in the country.

As it was stated when the West Pakistan came into being, everything was concentrated in Lahore, now every-thing they want to concentrate within the provincial area of the Punjab. That is very very unfortunate. That will create colossal problem–the problem of employment to Sindhis, colossal problem the problem of employment to Sindhis, colossal problem of approach to the Baluchis, colossal problem of approach to Sindhi in the banking. Now, so far as these nationalised banks are concerned, the entire control is in the hands of Islamabad. Even today, the Federal Government through Finance Ministry has the control of these banks. The Federal Government appoints the President of the Banks, the Federal Government

[Mr. Hasan A. Shaikh]

appoints the senior executives. Therefore, it is still being controlled by Islamabad, not to say that it is not being controlled by Islamabad. It is being controlled by Islamabad. Therefore, I think, what is being done its effects will be the denial of avenues of employment to the people belonging to Sind, to the people belonging to Baluchistan, to the people who are in the vicinity of Karachi. Otherwise the control is already there. Nothing more will be achieved by shifting these headquarters. Mr. Chairman, Sir, first, when the PIA Headquarters was being shifted, there was such a big hue and cry that the Minister had to give the assurance that no such decision has been taken. And, Sir, PIA is a small fry considering all the nationalised banks – the five nationalised banks, are huge ones. It will create colossal problems and not only for Karachi, it is wrong to say only for Karachi. So far as the know-how is concerned, Sir, I told you yesterday that one of the biggest wizards of finance is sitting as the Chairman of the Senate of Pakistan. Where does he belong to Karachi? Where did he get his know-how, at Karachi? He got it in the Frontier; he belongs to Frontier. So, know-how is not confined to Karachi: know-how is everywhere. I took other names also who belong to Frontier and who have got colossal financial knowledge. Therefore, expert knowledge is not confined to Karachi. It may be that there are others in Frontier areas, there are others in Islamabad, there are other in the Punjab who are not known or they may be known but I do not know their names. But I tell you, Sir, that certainly if this move succeeds, it i sthe denial of the rights of small provinces, if this move succeeds, it is the denial of economic avenues for the people of Sind, if this move succeeds, it is the beginning of a Provincial yoke on the other Provinces of this country. Thank you very much.

Mr. Chairman: Yes, Agha Sahib.

انجنیئر سید محمد فضل آغا: جناب چیئرمین! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کی اجازت دی اور میں معافی بھی چاہتا ہوں کہ کام کی وجہ سے میں باہر گیا۔ میں اپنی ترمیم پر زور نہیں دے سکا لیکن اپنی ترمیم میں بھی میں نے عرض کیا تھا کہ کم ازکم اگر سارا نہ ہو تو ان کا ایک ایک دفتر اسلام آباد اور بلوچستان میں شفٹ کیا

جائے جس سے میں سمجھتا ہوں کہ کراچی پر آبادی کا دباؤ بھی کم ہوگا اور کراچی جو زیر بار ہے وہاں پر بہت سے شہری مسائل ہیں تو ان بینکوں کے اداروں کے وہاں سے چلے جانے سے وہاں پر پریشر کم ہوگا اور جس طرح شیخ صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ سندھ کے لوگوں کی حق تلفی ہوگی میں سمجھتا ہوں کہ یہ قومیائے ہوئے بینک ہیں اس میں سارے پاکستان کے لوگ اتنے ہی حقدار ہیں، جتنے سندھ کے لوگ ہیں اور روزگار کے مواقع کے ابھی اتنے ہی حقدار ہیں جتنے سندھ کے لوگ ہیں۔ لیکن جہاں پر ہیڈ آفسز نہیں ہیں۔ وہاں کے لوگ اس تمام اکنامک سسٹم سے ناواقف ہیں۔ ناتجربہ کار ہیں بینکنگ بذات خود ایک تجربہ ہے اور ایک سیکھنے کا عمل ہے۔ جب تک ہیڈ آفس ہمارے ہاں نہیں ہوں گے بینکنگ کے معاملے میں ہم کچھ نہیں سیکھ سکیں گے۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہم انڈسٹری میں بہت پیچھے رہ گئے۔ کیونکہ ہمارے پاس نیشنلائزڈ بنکوں کے ہیڈ آفس بھی نہیں ہیں۔ یہ جو آپ کے فنانشل انسٹی ٹیوشن ہیں ان کے ہیڈ آفس بھی نہیں ہیں۔ اس لئے ہمارے لوگ ان سے بہت ناواقف ہیں۔ اگر کچھ لوگوں نے کراچی سے بنکنگ شروع کی ہے۔ تو وہ ہمارے ملک کے سرمایہ دار تھے جنہوں نے ذاتی فائدہ کو اپنے مدنظر رکھا۔ انہوں نے اپنی بنکنگ کراچی سے شروع کی، کسی نیشنل انٹرسٹ میں انہوں نے کراچی سے بنکنگ شروع نہیں کی تھی

میری تجویز یہ ہوگی کہ کم ازکم ایک ایک ہیڈ آفسز اسلام آباد اور کوئٹہ میں شفٹ کیا جائے۔ تاکہ وہاں سے سرحد کے لوگ اور اپر پنجاب کے لوگ بھی اتنے ہی facilitate ہوں جتنے کہ شیخ صاحب کے بقول کراچی میں رہنے سے کچھ لوگ جو پنجاب کے قریب پڑتے ہیں۔ اور کچھ لوگ جو سندھ کے قریب پڑتے ہیں۔ مستفید ہو رہے ہیں۔ یہ آفسز اگر اسلام آباد اور کوئٹہ چلے جائیں تو یہ ایریاز جو کوئٹہ اور اسلام آباد کے نزدیک ہیں۔ ان لوگوں کو بھی برابر کی opportunities ملیں گی۔ بنکنگ ٹریننگ میں، انڈسٹری میں اور job opportunities میں اس سے فائدہ یہ ہوگا کہ کراچی سے لوڈ کم ہو جائے گا اور کراچی کے بہت سارے پرابلم کم ہو جائیں گے۔ رش کم ہو جائے گا۔ میری یہ تجویز ہے، مہربانی کر کے ہاؤس اس پر غور کرے۔

جناب چیئرمین: جناب محسن صدیقی صاحب!

جناب محسن صدیقی: جناب چیئرمین! یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ میرے محترم دوست اور ساتھی جنہوں نے یہ ریزولیوشن پیش کیا ہے۔ ان کے ذہن میں شاید یہ بات ہے۔ جہاں پر ہیڈ آفس ہوتا ہے۔ شاید وہیں پر دولت کا انبار لگ جاتا ہے اور لوگوں کا کام صرف یہ ہو گا کہ وہ جائیں اور اس دولت میں اپنا حصہ مانگیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ بڑی غلط فہمی کا شکار ہیں۔ کسی جگہ ہیڈ آفس کھولنے سے کسی علاقے کی حق تلفی کس طرح ہوتی ہے۔ یہ امر واقعہ ہے کہ آپ اگر بڑے بڑے دوسرے ملکوں کو دیکھیں تو کمرشل ٹاؤن اور کمرشل سنٹر پر اس قسم کے ہیڈ آفس ہوا کرتے ہیں۔ آپ کو خود معلوم ہے کہ ترکی کا دارالحکومت انقرہ ہے۔ مگر بنکوں کے ہیڈ افس استنبول میں ہیں۔ اسی طرح دنیا کے اور ملکوں میں بھی ہے۔

میری دوسری گذارش یہ ہے کہ ہیڈ آفس آنے سے کون سی سہولتیں ہیں جو وہاں ریجنل آفس کو نہیں مل رہی۔ وہ کوئی ایسا نام بتا سکتے ہیں کہ کوئی انڈسٹری لگانا چاہتا ہے لیکن اس کے لئے اس کو قرضہ یا دیگر سہولتیں نہیں دی گئیں ہیڈ آفس کراچی میں تھا۔ آج میں کم از کم سینکڑوں ایسی انڈسٹریز کے نام لے سکتا ہوں۔ جو کراچی سے بہت دور فرنٹیر، بلوچستان اور پنجاب میں واقع ہیں اور اسی قسم کی سہولتیں جو کراچی کے لوگوں کو ملی ہیں، وہی ان کو ملی ہیں۔ وہ تمام انڈسٹریز جو آج پاکستان میں لگی ہیں۔ ظاہر ہے صرف نجی سرمایے سے نہیں لگی ہیں۔ بلکہ بنکوں کے سرمایے سے لگی ہیں۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس مسئلے میں جو دلائل دیئے گئے ہیں۔ ان میں نہ کوئی مجھے وزن معلوم ہوتا ہے۔ نہ ان میں مجھے فائدہ نظر آتا ہے۔

تیسری گذارش یہ ہے کہ کراچی اور سندھ ایسا محسوس ہوتا ہے جب کراچی کا نام لیا جاتا ہے۔ تو وہ کوئی ایک الگ صوبہ ہے۔ یا پاکستان کا کوئی الگ حصہ ہے۔ کراچی سندھ کا ایک جزو لاینفک ہے۔ وہ سندھ کا دارالحکومت ہے اور اس حیثیت سے وہاں کے رہنے والے بلا تفریق وہ کس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں اور کس حصے سے

میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے اس طرح یہ
آئے ہیں۔ وہ سب سندھ کے رہنے والے ہیں۔
تفریق شروع کی، تو نتیجہ اس کا یہ ہوگا کہ وہ تمام عناصر جو اس وقت کسی حد تک
خاموش ہیں۔ وہ پھر سر اٹھائیں گے اور اس میں سے ملک میں اتنا بڑے شہر کا
دروازہ کھلے گا۔ جس سے اس وفاق کے اپنے قیام تک کو بھی خطرہ ہو سکتا ہے۔ اس
لئے اس قسم کے مسائل کو نہ اٹھائیں اور مجھے بڑا افسوس ہے جس طرح ان فارمل میٹنگ
میں بات ہوئی تھی اور جس طریقے سے یہ مسئلہ طے ہوا تھا۔ اس سے بالکل احتراز کیا گیا۔ یہ
طے ہو چکا تھا کہ یہ مسئلہ ایسا ہے جس کے لئے بڑی سنجیدگی سے بڑے سوچ وبچار سے کچھ
اقدام ضرور کیے جائیں۔ اگر کسی مسئلے میں لوگوں کو تکلیف ہے تو اس کے ازالے کے لیے تو
کاروائی ہو سکتی ہے۔ وہ ضرور کی جائے۔ مگر ہیڈ آفسز کے شفٹ کرنے میں تین چار ایسے
ٹھوس دلائل ہیں۔ جن کو آپ مدنظر رکھیں تو میں سمجھتا ہوں۔ خود موور بھی متفق ہونگے۔
ایک تو لاکھوں انسان جنہوں نے کراچی کو اپنا گھر بنایا ہوا ہے۔ اور وہ بنکوں سے
منسلک ہیں ان کو آپ اسلام آباد میں لاکر کس طرح آباد کریں گے۔ جبکہ اسلام آباد میں
ابھی جو آبادی ہے اس کے لئے بھی مکانات پورے نہیں ہیں دوسرا یہاں ہیڈ آفسز لانے سے
سوائے اس کے کہ آپ ملک کے ایک کونے میں ایسے ادارے قائم کر دیتے ہیں۔ جس میں سارے
ملک سے لوگوں کو آنا پڑے گا۔ جیسے کہ میرے دوست نبی بخش زہری صاحب نے کہا
بلوچستان کے اس گوشے سے آنے والے کو ڈیڑھ دو ہزار میل سفر کرنا پڑے گا۔ تو یہ کوئی حل تو
نہ ہوا، لہذا ریجنل آفسز بنائے جائیں۔ ریجنل بورڈ بنائے جائیں۔ جہاں آپ کی کوئی مشکلات
ہوں ان کا حل تلاش کیا جائے۔ منسٹری آف فنانس کا ان فنانشل انسٹی ٹیوشن پر مکمل کنٹرول
ہے۔ آپ اگر اعداد و شمار کو دیکھیں تو کوئی ایسا صوبہ نہیں ہے جس کی اس میں نمائندگی نہیں
ہے یا نمائندگی کم ہوئی ہے یا جو آپ اس کا نظام اس وقت دیکھ رہے ہیں اس نظام میں کوئی ایسی
بات آپ کو نظر نہیں آئے گی جس میں یہ سمجھا جائے کہ کسی سطح کے اوپر کسی خاص علاقے کو برتری
حاصل ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ مسئلہ حکومت کے زیر غور چھوڑ دیا جائے اور فی الحال اس کے
بارے میں ایک تجویز پاس کرنے کے لئے ہم اس پر سنجیدگی سے سوچیں جناب وزیر خزانہ جو
یقیناً نہایت ہی اچھے حل تلاش کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں ان کے اوپر چھوڑ دیا جائے تاکہ وہ
سب لوگوں سے مشورہ کر لیں۔

جناب چیئرمین : بہت شکریہ ، جناب سردار خضر حیات صاحب !

سردار خضر حیات خان : جناب چیئرمین صاحب! پیشتر اس کے کہ میں اس مسلے پر اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔ میں یہ تحریک پڑھنا چاہتا ہوں جس میں یہ الفاظ درج ہیں ۔

"کہ ایوان کی رائے میں تومیائے گئے بنکوں اور تمام دیگر مالی اداروں کے صدر دفاتر فوری طور پر اسلام آباد منتقل کئے جائیں"۔

پیشتر اس کے کہ میں اس پر اپنے خیالات کا اظہار کروں میں سب سے پہلے حسن اے شیخ صاحب نے جو تقریر ابھی فرمائی ہے ۔ اس پر مجھے بہت اعتراض ہے ۔ انہوں نے پنجاب کو ذہن میں رکھ کر اسلام آباد کے بارے میں اس لئے کہا ، کہ اس کے چاروں طرف پنجاب ہی ہے حالانکہ یہ ایک محب وطن آدمی ہیں اور مجھے ان کا بڑا احترام ہے ۔ لیکن جس طریقے پر انہوں نے اپنی تقریر فرمائی ہے ۔ مجھے اس پر بڑا اعتراض ہے ۔ کیوں کہ ان کو ہر چیز پہ پنجاب کی بری لگتی ہے ۔ پنجاب نے آخر رہنا تو ہے ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : کچھ جغرافیے سے ناواقفیت ہے وہ سرحد بھی ہے ، اور آزاد کشمیر بھی ہے صرف پنجاب نہیں ہے ۔

سردار خضر حیات خان : چاروں طرف حدود اربعہ کو چھوڑ کر ان کے خیالات سے مجھے سخت اختلاف ہے ۔ پنجاب کو انہوں نے طریقے سے ہی کہنا ہے تو پنجاب نے آخر رہنا تو ہے اور وہ اس ملک کا حصہ ہے ۔ پنجاب نے ہر چیز میں قربانیاں دی ہیں اور آئندہ بھی دیتا رہے گا ۔ لیکن اسی طریقے سے اور جناب شیخ صاحب جیسے لوگ بھی باتیں کریں گے تو یہ بڑی ناانصافی ہوگی ۔

اس کے بعد میں اس تحریک کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اصولی طور پر میں اس کے حق میں ہوں لیکن جس طریقے پر یہ پیش کی گئی ہے ۔ اس کے خلاف ہوں ۔ جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ فوری طور پر منتقل کئے جائیں ۔ میں سمجھتا ہوں فوری طور پر منتقل کیا جانا اتنا آسان کام نہیں ہوگا ۔ تمام کے تمام جو مالیاتی ادارے ہیں ان کو یہاں پر منتقل کیا جائے ۔ حالانکہ

چاہیئے یہ تھا کہ ہم فنانس منسٹر صاحب یا حکومت سے یہ کہتے۔ کہ جونہی وقت بدلے اور حالات مناسب ہوں۔ (مداخلت)

سید عباس شاہ: میرا ریزولیوشن انگریزی میں correctly لکھا ہوا ہے۔ تو immediately بھی جو ہے وہ آتا insisted نہیں ہے۔ مطلب یہ ہے کہ should be shifted.

Mr. Chairman: That is not a point of order. I think his point is correct. There is the word immediately. It is used in the resolution.

سردار خضر حیات خان: جناب والا! اسکے ساتھ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اس میں تو کوئی شک نہیں کہ مالیاتی ادارے جہاں بھی ہوں وہاں پر اقتصادی ترقی ہوتی ہے اور وہاں پر لوگوں کی ضروریات پوری ہوتی ہیں اور مالیاتی ادارے اس علاقے کی ترقی کے لئے بڑا کام کرتے ہیں لیکن یہ مطلب نہیں ہے کہ سندھ میں جتنے ہیں وہ سارے کے سارے وہیں رہیں وہاں ہی ترقی ہوتی رہے۔ میری تو یہ تجویز ہے کہ یہ سارے کے سارے ایک جگہ منتقل نہ کئے جائیں نہ اسلام آباد لائے جائیں اور نہ ہی کراچی میں سارے کے سارے رکھے جائیں بلکہ تمام صوبوں کے ہیڈ کوارٹرز پر رکھے جائیں۔ ضرورت کے مطابق کچھ کو اسلام آباد میں رکھا جائے اور باقیوں کو صوبائی صدر مقامات پر رکھا جائے۔ اسلام آباد میں ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کا دفتر بھی بن چکا ہے۔ اسکو اگر فوری طور پر یہاں منتقل کر دیا جائے تو اور بھی آسانی ہوگی۔ فنانس منسٹر صاحب ضرورت کے مطابق وقتاً فوقتاً صوبائی ہیڈ کوارٹرز پر انکو منتقل کرنے کے احکامات جاری کریں۔ میں شیخ صاحب سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہ جن لوگوں نے بنائے تھے ان کے بھی کچھ حقوق ہیں۔ تو اس سلسلہ میں ان کے حقوق کو بھی مد نظر رکھا جائے۔ انہیں تمام پاکستان کی خدمت کرنی ہے اور تمام پاکستان میں پنجاب بھی شامل ہے فرنٹیئر بھی شامل ہے اور بلوچستان بھی شامل ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب فصیح اقبال صاحب!

سید فصیح اقبال: جناب والا! سب سے پہلے تو میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جیسے ہمارے عباس شاہ صاحب نے فرمایا اور فضل آغا صاحب نے فرمایا۔ میں دونوں فاضل ممبروں کی بات

[Syed Faseih Iqbal]

کی تائید کرتا ہوں کہ اگر ہیڈ آفس منتقل نہیں ہوتے تو کم سے کم اختیارات ضرور منتقل ہوں دوسری بات یہ ہے کہ اس وقت جتنے بھی ہمارے قومیائے ہوئے بنک ہیں ان کی تعداد پانچ ہے سب سے پہلے نیشنل بنک آف پاکستان ہے اور اس کے بعد باقی مالیاتی ادارے ہیں بلوچستان کی کسی قسم کی بھی نمائندگی نہیں ہے یہ بورڈ آف ڈائریکٹرز میں ، نہ کوئی اس صوبے کا شخص بنکنگ کونسل کا ممبر ہے۔ سب سے بڑا مسئلہ نمائندگی کا ہے۔ جس طرح ہمارے فاضل دوست نے سرحد کی بات کی ہے میرے خیال میں سرحد میں سے صرف ایک شخص بورڈ کے ممبر ہیں تو ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ تمام صوبوں کے لوگ بنکار ہیں تو ان کو نمائندگی میں برابر کا درجہ دیا جائے۔ مختلف صوبوں کے جو قرضوں کے کیس جاتے ہیں وہ کراچی میں کوئی چھ چھ ماہ پڑے رہتے ہیں اور آپ کو یاد ہوگا جب آپ وزیر خزانہ تھے تو آپ کی سربراہی میں بلوچستان میں ایک کمیٹی بنی تھی، جس میں سرکل آفس کھولنے کی تجویز پیش کی گئی تھی۔ سرکل آفسز کھل چکے ہیں۔ لیکن ان کی پاورز بالکل nil ہے بلکہ وہ لوگ خود ہیڈ آفس میں بیٹھتے رہتے ہیں۔ ایک لاکھ روپے کا قرضہ بھی کراچی میں منظور ہوتا ہے۔ تو سب سے بڑا مسئلہ لوگوں کی تکالیف کا ہے اور اسی طرح ملازمتوں کا۔ آپ کے زمانے میں جو بھرتی ہوئی تھی اسکے بعد تین سال ہو گئے ہیں بلوچستان سے کسی بھی بنک میں کسی افسر کو نہیں رکھا گیا۔ کلرکوں اور چپڑاسیوں تک کو رکھنے کے اختیارات کراچی میں ہیں۔ لہٰذا مسئلہ اختیارات کی ڈی سنٹرلائزیشن ہے۔ یہ رجحان ہو گیا ہے کہ جہاں بھی ہیڈ آفس ہوتا ہے سارے اختیارات وہیں ہوتے ہیں۔

میری گزارش ہے کہ کوئٹہ میں اس قسم کا دفتر ضرور ہو جو اس قسم کے مسائل کو جلدی سے وہیں نپٹا سکے۔ PICIC کا ایک چھوٹا ریجنل دفتر ہے، آئی ڈی بی کا ایک چیف منیجر ہے جس کو یہ بھی اختیار نہیں ہے کہ وہ اپنی فائنل سفارشات کراچی بھیجے۔ چھ چھ ماہ تک آئی ڈی بی میں کیس پڑے رہتے ہیں۔ بنک کا بھی یہی حال ہے کہ دو دو سال تک بلوچستان کے کیسوں کی کوئی شنوائی نہیں ہے۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر خزانہ صاحب کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ مسئلہ ہے اختیارات کی منتقلی کا۔ اگر یہ کام ہو جائے تو انشاءاللہ ہمارے دوست بھی پریس ہیں کریں گے اور وہاں عوام کے مطالبات بھی پورے ہو جائیں گے۔

جناب چیئرمین : جناب شاد محمد خان صاحب!

جناب شاد محمد خان : میں پیر عباس صاحب کی قرارداد کی تائید کے لیئے اس لیئے اٹھا ہوں کہ اس دور میں جب قائداعظم لاؤ لشکر لیکر کراچی آئے تو وہاں سر چھپانے کو بھی جگہ نہیں تھی۔ اس وقت بھی یہ سوچا گیا کہ یہ دارالحکومت کہاں ہونا چاہیئے۔ ہوتے ہوتے وہاں ترقیاتی دور شروع ہوا اور آخر میں یہ بات محسوس کی گئی کہ پاکستان کا دارالحکومت کسی محفوظ جگہ منتقل کیا جائے۔ لہذا ۱۹۶۲ء میں ہمیں یہ فیصلہ کرنا پڑا کہ دارالحکومت اسلام آباد منتقل کیا جائے۔ لہذا کراچی میں ان اداروں کا کھلنا اس وقت کی اہم ضرورت تھی۔ اب کراچی کی حیثیت وہ نہیں رہی جو اس وقت تھی۔ کراچی اب صوبہ سندھ کا ایک حصہ ہے۔ اب چونکہ ایک نیا دارالخلافہ قائم ہو چکا ہے تو اس لئے اس دارالخلافہ کو محروم رکھنا یہ سراسر زیادتی ہوگی۔ جناب والا! بات یہاں تکالیف کی ہے کراچی سیچوریشن پوائنٹ پر پہنچ چکا ہے وہاں صنعتی ترقی کافی ہو چکی ہے وہاں تو اب انسانوں کی گنجائش بھی نہیں رہی۔ جب میں ۱۹۴۶ء میں کراچی میں گیا تو وہاں صرف چار لاکھ کی آبادی تھی the cleanest city اسے کہا جاتا تھا لیکن آج کے دور میں اگر آپ جائیں گے تو ۶۰ لاکھ کی آبادی ہوگی۔ وہاں تل دھرنے کو بھی جگہ نہیں ہے۔ لہذا جناب والا! یہ زیادہ اہم ہوگا کہ ان شمالی علاقوں کے لیئے جس میں گلگت اور سکردو تک بھی جائیں گے ان کا بھی خیال رکھا جائے یہ تو کشتی زہری صاحب کی رہائش چونکہ کراچی میں ہے اس لیئے وہ بلوچستان کی آڑ لے کر کراچی کا نام لیتے ہیں ان کے سب ادارے وہاں ہیں اس لیئے وہ کراچی کو ترجیح دیتے ہیں لہذا وزیر خزانہ صاحب اس معاملے پر ٹھنڈے دل سے غور فرمائیں اور ان علاقوں کے لوگوں کو بھی حق دیا جائے کہ وہ اداروں سے مستفید ہو سکیں شکریہ۔

جناب چیئرمین : جناب ملک محمد علی خان صاحب!

ملک محمد علی خان : جناب والا! یہ مسئلہ ایک عمومی حیثیت رکھتا ہے کہ جہاں دارالحکومت ہو وہاں اہم اداروں کے ہیڈکوارٹرز منتقل کیئے جائیں

[Malik Muhammad Ali Khan]

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے میں یہ نہیں چاہتا کہ ہمارے سندھ کے ان دوستوں کو یا بلوچستان کے ان علاقوں کو جو کراچی سے ملحقہ ہیں ان کی سہولتوں میں کچھ فرق آئے۔ اس سلسلہ میں میری یہ تجویز ہے کہ اسلام آباد میں بینکوں کے ہیڈ کوارٹرز تبدیل کرتے وقت اس بات کو مد نظر رکھا جائے کہ بڑے بڑے فیصلے چاروں صوبوں میں ہی کئے جائیں تاکہ وہاں کے لوگوں کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ تو جہاں تک جناب حسن اے شیخ اور میرے دوسرے دوستوں کے جذبات کا تعلق ہے کہ کسی کو سندھ سے پرخاش ہے یا صوبائی تعصب کی بات ہے، یہ ہرگز نہیں مثال کے طور پر جناب والا! میں یہ عرض کرتا ہوں کہ کچھ عرصہ پہلے سپریم کورٹ کو اسلام آباد میں منتقل کیا گیا، نیول ہیڈ کوارٹرز کو اسلام آباد میں منتقل کیا گیا تو آخر میں، میں یہی تجویز کروں گا کہ تمام اہم اداروں کے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ہی ہونے چاہئیں اسمیں صوبائی تعصب کی کوئی بات نہیں ہونی چاہیئے اور مقامی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے جیسے میرے دوست آغا افضل صاحب نے ایک تجویز یہ بھی دی تھی جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ ان کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے مقامی طور پر صوبائی ہیڈ کوارٹرز میں ان کا بندوبست کیا جائے۔

جناب چیئرمین: جناب حمزو خان پلیجو صاحب!

جناب حمزو خان پلیجو: جناب والا! سینٹ کا مقصد، اس کا مفہوم یہ ہے کہ جو چھوٹے صوبے ہیں ان کے ساتھ انصاف کیا جائے اور ان کے ساتھ مساوات کی جائے میں یہ امید کرتا ہوں کہ چھوٹے صوبوں کے جو لوگ ہیں اور ان کے جو حقوق ہیں، یہ سینٹ ان کی حق تلفی نہیں ہونے دے گی جہاں تک ہیڈ کوارٹرز منتقل کرنے کا سوال ہے اس کی مثال یہ ہے کہ جو پہلے یہاں ہیڈ کوارٹرز منتقل ہوئے تھے ان میں سندھ کے لوگوں کے جو روزگار کا مسئلہ ہے ان میں ان کی نمائندگی صرف ۵ فیصد ہوگی کیونکہ یہاں جو اپوائنٹمنٹس ہوتی ہیں سندھ کے لوگوں کو ان کا پتہ ہی نہیں ہوتا کہ یہاں کوئی

اسامی خالی ہے یا کوئی (advertisement) ہوئی ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ وہ اتنے غریب لوگ ہیں کہ وہ اسلام آباد کا خرچہ برداشت ہی نہیں کر سکتے۔ اس لیے میری گزارش یہ ہے کہ جو ہیڈ کوارٹرز منتقل کئے جا رہے ہیں یہ ہمارے صوبے کے ساتھ نا انصافی ہوگی کیوں کہ کراچی شہر صوبہ سندھ میں آتا ہے اور وہاں کے روزگار کا مسئلہ ہوگا اور غریب خاندان کے لوگ وہاں جو ملازم ہیں وہ بھی بہت بری طرح متاثر ہوں گے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ایگریکلچر کا ہیڈ کوارٹر یہاں اسلام آباد میں منتقل کیا گیا ہے لیکن سندھ کے جو لوگ قرضے کے لیے اپلائی کرتے ہیں اس وقت ان کا قرضہ منظور ہو کر آتا ہے جب فصل کا ٹائم بھی ختم ہو جاتا ہے ہوتا یہ ہے کہ وہ پیسے وقت پر استعمال ہو نہیں پاتے اور وہ کہیں اور جگہ خرچ ہو جاتے ہیں اور زمیندار قرض دار ہو جاتے ہیں۔ تیسری بات یہ ہے کہ کراچی میں جب صنعتیں ہیں۔ ایکسپورٹ وہاں ہے جب انٹرنیشنل ٹریڈ کا وہاں کاروبار ہوتا ہے تو میرے خیال میں کوئی ضرورت نہیں ہے کہ کراچی سے اسلام آباد ہیڈ کوارٹر منتقل کیا جائے میں فاضل دوست سے گزارش کروں گا کہ یہ اپنا ریزولیوشن واپس لیں اور دوسرے دوستوں سے بھی میں پرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ دوست جو عدل و انصاف اور حق کی بات کرتے ہیں ان کو بھی اس بات پر زور دینا چاہیئے اور ان کو بھی حق کی بات کہنی چاہیئے۔ جو خاموش بیٹھے ہیں شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ میں آپ کو مبارک باد دیتا ہوں کہ آپ نے بڑی سلیس اردو میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مجھ سے بہتر اردو آپ بول سکتے ہیں۔ جناب اکرم سلطان صاحب

Mr. Akram Sultan: Sir, I would not go into various regional or other intricacies. I would only like to point out to the House that these institutions were settled for the private sector. On the private sector, location should be given the maximum importance, not on account of any pressure but purely on economic jutifications, and

[Mr. Akram Sultan]

its viability. Even today when you give a sanction to a foreign bank, the first preference, Mr. Chairman, is that Karachi should be the first place to open the Bank. And the consideration for location in Karachi, Mr. Chairman, is that international port's location, international airports location, Custom House from where major revenue is collected, its location, and there are number of other economic reasons why the private sector chooses the location of either institution or industrial base as it is very well known to you, Mr. Chairman, as you have been expert on finance and economic matters, furthermore as Mr. Ahmed Mian Soomro on the other day had mentioned. Now looking into economics and not going into the regional matters or any other matter, it is uneconomical to conceive the idea that we can shift the headquarters of five nationalised banks which were incorporated by the private sector having looked into every possible economic justification for its location in Karachi. As my friend here has very rightly mentioned, it was a Punjabi who started bank but he chose the location to be in Karachi. Even the National Bank of Pakistan's headquarters are located in Karachi. Mr. Chairman, Sir, there are number of factors of clearance of documents which takes place when the ship arrives in the port and during given limitations the L/Cs expire, the clearance of documents, where the international airport and its location, is an imperative factor.

Mr. Chairman, in addition to this, I would sincerely request the House that they should consider the economic viability of any decision and from my point of view, if PIA headquarters shifting to Karachi which has been, right from inception, owned by the Government, they have the right to do what they like. But it is being realized that the cost is so colossal and so phenomenonal that the purpose that we may achieve in shifting the headquarters from Karachi to Islamabad may be defeated, on account of its cost. Furthermore Sir, Karachi is a cosmopolitan city which has representations from all provinces but I am not touching upon the regionalism. I am purely emphasizing and bringing to the notice of this honourable House that let us for God's sake take decisions which has the economic viability, and these institutions were incorporated by private sector and the private sectors, Mr. Chairman Sir, are known for their competence, of taking decision where to locate their institutions or industries.

It is in our interest not to allow further deterioration in the nationalized banks, which are already a Government department and not a properly functioning banking institutions, where the red-tapism is in the highest order. When the banks were not nationalized, Mr. Chairman, they were functioning and none had any complaint against their efficiency and expeditious decisions. Even a small branch was competent and efficient to take its point of view to the head-office and get the decision in time to meet the need. But now, Sir, here, instead of streamlining these institutions, those gentle-men, who are there i.e. technocrats with due respect to them, are required to be pulled up, they are required to function in the same way as they were functioning under the directions of the enterpre-neurs. Sir, technocrats cannot become entrepreneurs. They need somebody to keep their rein in the hands of an entrepreneur or such competent people, as your goodself or now the Finance Minister, he should effectively participate and in the Ministry a full-fledged monetary department should be there on ensuring the smooth functioning of this institution.

Sir, banking is a commercial institution and commercial via-bility can only be effective if it is purely on commercial account that the decisions are made. If it is made on account of any other reasons, these nationalised banks will be doomed to a disaster. Thank you Mr. Chairman.

Mr. Javed Jabbar: Sir, as a Senator from Sind, I am consc-ious of the fact that one has the national obligation but I am equally conscious also of the deep connection between forces and finance and I am willing to support the resolution of my dear friend, if he is willing to move the resolution, that the headquarters of the Pakistan Armed Forces should be moved to Nawab Shah or to karachi and I assure him that then there will be a fundamental change in the economic development and the national development of this country. Sir, Karachi has also already suffered deeply by having its capital taken away about twenty-five years ago and now there is a stop of these institutions which is quite unjust.

[Mr. Javed Jabbar]

Secondly, Sir, Karachi is not a European City. It is an Asian City where only a few parts of that city enjoy some privileges. The majority of Karachi's population lives in very abject conditions. I invite him to visit many Kachi Abadies with me and I shall show him how European Karachi is. Sir, the next point is that it is a normal and established international practice that all banks and financial institutions are located as far as possible in one single city in order to achieve economy of cooperation and in order to achieve the economy of scale. This is the logic of modern commercial economic development and by simply shifting a bank away or a few banks away, we will not be arresting economic injustice to other parts of Pakistan. I suggest, Sir, that the only way to do that is to adopt new innovative, progressive policies devoted to economic development. Thank you, Sir.

Dr. Mahbubul Haq: Sir, just I want to say only one or two things very briefly. Sir, basically this issue of shifting the headquarters has been coming up from time to time. I like just to refer the real concern which underlie this. Real concern, Sir, is that there is not enough regional distribution of credit and investments. There is not equitable representation of regions in the bank decision making, that there is not enough accessibility to these banks of various regions. Sir, I hope this Senate which is a supreme body and whose opinion we greatly value, will agree with me that what is important is that the banks, *i.e.* nationalised banks will have a national outlook and a national policy and a national representation and work in the national interest wherever they may be located, location is a matter of history and convenience Sir.

What is necessary to ensure now that there is an equitable credit distribution and sharing of decision making and participation in it. Sir, the Government has in mind very major reform of the nationalized banking system. We have been moving in this direction. the sanctioning powers have been enhanced in many cases over the last 8 years from 1978 to 1984. I will just mention one or two form of clean over drafts. The Zonal Credit Committee, Circle Credit Committee had a power of only one Million. Now, it is fifteen Million. Previously for letter of credit they had power of sanction of

2 Million. Now, they have power of 40 Million. For Industrial loans against extra assets they had no powers but now they have of 15 Million. First, one has to ensure the implementation of the sanctioning powers and even more delegations may be necessary as was suggested by some Senators. By way of representation we are thinking in terms of not only reviewing the representation at present. Sir, we have the institution through a training scheme which inducts youngesters at an early age through a competition with proper regional representation as we do in the civil service and then they form banking cadres that come up over a course of time, they can manage the top managerial position.

Sir, we also, have various suggestions for private banking, the private industrial banking, Provincial Banks and other such institutions. In that case the question where they are located will be a very good question to balance the location of nationalised Banks in Karachi. Sir, for all this we have referred to the National Deregulation Commission. They have under consideration all the suggestions regarding what can be done to improve both the efficiency and the regional operations of the National Banking System and what will be done to introduce Private Banking if necessary in various parts of the country. On that National Deregulation Commission, there are three Senators to represent it Sir. I am sure that the Senate Members can give their suggestions through their Senator colleagues to National Deregulation Commission. Once we have the report Sir, they would be guided by the discussion held here, then, would be guided by terms of reference, they provided them. Then, at a later stage the Senate will be free to discuss what reforms we have in mind, and I hope Sir, in the light of that assurance that the Member concerned, would not press the motion because we are conscious of our responsibilities. And irrespective of the locations of the Banks, where-ever they are, that in their policies, there should be a national outlook whether in credit distribution or of participation in the managerial decision making. Thank you, Sir.

Mr. Chairman: We have reached the normal limit of the sitting of the House but Pir Abbas Shah Sahib, would you like to say something.

Syed Abbas Shah: Yes, just a few words.

جناب وزیر خزانہ کی اس Assurance کے بعد میں ملک کے وسیع تر مفاد کی خاطر اپنی تحریک پر زور نہیں دے رہا ہوں

Mr. Chairman: Does the House permit the honourable Member to withdraw his resolution?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Then, this stands withdrawn. I think, we have reached the limit of today's sitting and I have the Order of the President to read out to you.

جناب شاد محمد خان : تحریک آئندہ کے لیے (Defer) کر دی گئی ہیں یا ختم کر دی گئی ہیں ؟

جناب چیئرمین : جی ہاں ! یہ ختم ہو چکی ہیں ۔ محرک نے واپس لے لی ہیں آپ صاحبان نے ان کو واپس لینے کی اجازت دی ہے ۔

ایک معزز رکن : جوگیزئی صاحب نے میرا resolution دہرایا ہے اس کا کیا حکم ہے ؟

جناب چیئرمین : باقی ریزولیشنز lapse ہو گئے ہیں ۔ اگر آپ باقیوں کا پوچھتے ہیں ۔

The Order reads:

> In exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on 13th July 1985. Signed General Mohammad Zia-ul-Haq, President. So, this sitting in the Senate stands adjourned *sine die*.

[The House proroged sine-die.]

PCPPI—4559(85)Senate—21-5-1986—300.